★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Web: www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 20 شوال 1446ھ، 19 اپریل 2025ء بمطابق 6 بیساکھ 2082ء پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 166

پاکستان کے خلاف بیان بازی کے بجائے دہشتگردی کی سرپرستی ختم کرے، بھارتی وزیر خارجہ

بھارتی وزیر خارجہ ہر موقع پر پاکستان کے حوالے سے بیان بازی کرتے رہتے ہیں، بھارتی وزیر خارجہ کے بیان کا نوٹس لیا ہے، انہوں نے پاکستان پر متعدد الزامات عائد کیے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

اس دہشت گردی میں ملوث دہشت گرد افغانستان میں اپنے ہینڈلرز کے ساتھ رابطے میں تھے، یہ ہماری خارجہ پالیسی کا اصول ہے کہ ہم تمام ممالک سے بہتر تعلقات رکھیں: ہفتہ وار بریفنگ



لاہور: مریم نواز شریف تقریب میں شامل افراد اور بچوں سے پیار کر رہی ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ بھارتی وزیر خارجہ پاکستان کے خلاف بیان بازی کرنے کے بجائے دہشت گردی کی سرپرستی کرنا ختم کرے۔ ہفتہ وار بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارتی وزیر خارجہ کے بیان کا نوٹس لیا ہے، انہوں نے پاکستان پر متعدد الزامات عائد کیے ہیں، شفقت علی خان نے کہا کہ بھارتی وزیر خارجہ ہر موقع پر پاکستان کے حوالے سے بیان بازی کرتے رہتے ہیں، انہیں بھارت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

مریم نواز نے خصوصی افراد کیلئے معاون آلات کے منصوبے کا افتتاح کر دیا

وزیراعلیٰ مریم نواز عارضی طور پر بازو سے محروم ٹیبل کوئنج پر خود آئیں، دماغ سے خود کار گاڑی کے ذریعے پہلی مرتبہ ہاتھ کو حرکت دی

لاہور: (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خصوصی افراد کے لئے معاون آلات کے مرکز کا افتتاح کر دیا، وزیراعلیٰ مریم نواز نے عارضی طور پر بازو سے محروم ٹیبل کوئنج پر خود آئیں، دماغ سے خود کار گاڑی لے کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

پنجاب کی تاریخ کے سب سے بڑے پراجیکٹ کا

غیر ملکیوں کے انخلا کی تاریخ میں توسیع نہیں ہوگی، طالبان چوہدری

وزارت داخلہ میں افغان وفد سے ملاقات ہوئی، نائب وزیر اعظم کی قیادت میں ایک وفد افغانستان جا رہا ہے، افغان حکومت سے وزارت خارجہ رابطے میں ہے، وزیر مملکت برائے داخلہ

اب تک 84 ہزار 869 افغان باشندے واپس بھیجے جا چکے 30 اپریل کے بعد ویزے کے بغیر پاکستان میں نہیں رہ سکیں گے 40 سال تک افغان بھائیوں کی دل کھول کر میزبانی کی

اسلام آباد: (این این آئی) وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا ہے کہ 40 سال افغان بھائیوں کی دل کھول کر میزبانی کی، غیر ملکیوں کے انخلا کی تاریخ میں توسیع نہیں ہوگی، پریس کانفرنس کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ افغان حکومت سے وزارت خارجہ رابطے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ یکم اپریل سے اب تک 84 ہزار 869 افغان باشندے واپس بھیجے جا چکے ہیں۔ طلال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

پنجاب حکومت کے بنی پی ڈی آئی ملاقاتیں کرنے پر کسی کو نہیں روکا، سہ رکنی کمیٹی بنا دی

جیل رولز کے مطابق قیدیوں سے اٹھنے کی ملاقات جمعرات کے روز ہوتی ہیں، بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرنے والوں کی فہرست اگلی جماعت ہی جیل حکام کو دیتی ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

ہفتے میں دو دن جمعرات اور منگل کو ملاقاتیں ہوتی ہیں، پنجاب حکومت کا کسی کو ملاقات سے روکنے میں کوئی عمل دخل نہیں، اپنی جماعت کی اور آپس کی لڑائیاں سڑکوں پر مت لڑیں

لاہور: (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت نے بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں کرنے پر کسی کو نہیں روکا، جیل رولز کے مطابق قیدیوں سے اٹھنے کی ملاقات جمعرات کے روز ہوتی ہیں، انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرنے والوں کی فہرست اگلی جماعت ہی جیل حکام کو دیتی ہے، ہفتے میں دو دن جمعرات اور منگل کو ملاقاتیں ہوتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

اختلافات بھلا کر دہشتگردی کیخلاف قومی اتحاد کا مظاہرہ کریں، وزیراعظم

دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کیلئے جہاد جاری رہے گا، انسانیت دشمنوں کو ایسی عبرتناک شکست دیں گے کہ وہ پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہیں کر سکیں گے، اجلاس سے خطاب

پنجاب میں ساڑھے پانچ لاکھ کاشت کاروں کو گندم سپورٹ فنڈ کے تحت 15 ارب روپے فراہم کرنے کی منظوری صوبائی حکومت کا خوش آئند اقدام ہے، وزیراعظم شہباز شریف



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف ایف پی آر ہیڈ کوارٹر کے دورے کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (خبر نگار) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پہلی مرتبہ مریم نواز کے ساتھ کے سالگرہ کے کیک کے تصویری پیچ کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ سالگرہ 5 لاکھ کاشت کاروں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)



اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون وزیراعظم نذر ڑاور تارڑ کے ہمراہ بریفنگ کر رہے ہیں

انسانیت دشمنوں کو ایسی عبرتناک شکست دیں گے کہ وہ پاکستان کی طرف میلی آنکھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

ہسپتالوں کی نجکاری کیخلاف گرینڈ ہیلتھ الائنس کے دھرنے 12 روز بھی جاری

وزیراعلیٰ ہاؤس کی جانب مارچ کے دوران پولیس اور مظاہرین کے درمیان جھڑپ ہوئی

لاہور (خبر نگار) ہسپتالوں کی نجکاری کے خلاف گرینڈ کرانس پر گرینڈ ہیلتھ الائنس کے دھرنے کے 12 ویں روز مظاہرین کا وزیراعلیٰ ہاؤس کی جانب مارچ کے دوران پولیس اور مظاہرین کے درمیان جھڑپ ہوئی، پولیس نے مظاہرین کو روکنے کے لیے واٹر کینن کا استعمال کیا جس سے ایک خاتون کی حالت غیر ہو گئی جبکہ گرینڈ ہیلتھ الائنس نے آج سے تمام ہسپتالوں کی او پی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

پنجاب سندھ کا ایک قطرہ پانی بھی نہیں چوری کر گزرا نا اللہ شاہ

دہشت گرد دشمنوں کے ساتھ مل کر خیبر پختونخوا نے اور بلوچستان میں کارروائیاں کر رہے ہیں، مشیر وزیراعظم کا بیان

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے بلوچستان کا معاملہ کونسل آف کامن انٹرسٹس میں کیوں لے جائیں؟ ایک نہیر پر بیگانہ آرائی کی جاری سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ اتفاق رائے سے فیصلہ ہوا تھا، پنجاب سندھ کا ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کا 87 واں یوم وفات 21 اپریل کو منایا جائے گا

محکمۂ آثار (این این آئی) مظہر پاکستان شاعر مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کا 87 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

حضرت امیر خسرو کے 721 ویں عرس میں پاکستانی زائرین کی شرکت

نئی دہلی (این این آئی) حضرت امیر خسرو کے 721 ویں عرس میں پاکستانی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی سے ایران کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن کیس میں الیکشن کمیشن کا حکم نامہ جاری

پی ٹی آئی کی جانب سے 8 مواقع پر مختلف گراؤنڈز پر کیس کا التوا مانگا گیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن کیس کا حکم نامہ جاری کر دیا جبکہ پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن کیس پہلی بار گزشتہ سال 30 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

کیس کے جواب دہ 23 اپریل 2024 کو نوٹس جاری کیا گیا تھا۔

ہر الیکشن میں دھاندلی کا شور اٹھتا ہے، گورنر پنجاب

ملک کو آگے لے جانے کے لیے تمام سیاسی جماعتیں پارلیمانی نظام کو مضبوط کریں، پنڈی بارے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ڈسٹرکٹ بار راولپنڈی کی جنرل باڈی سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

المتا ہے۔ سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ ہر الیکشن میں دھاندلی کا شور

کینال منصوبے کے باعث پیپلز پارٹی وفاق کی حمایت چھوڑ دیگی نثار کھوڑو

پیپلز پارٹی سندھ کے کارڈ کا الزام لگانے والے کالا باغ ڈیم اور گریٹر تھل کینال کے حامی رہے ہیں، گنگنو

کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو نے کہا ہے کہ کینال منصوبے سے دستبرداری کا اعلان نہیں کیا گیا تو پیپلز پارٹی وفاقی حکومت کی حمایت چھوڑ دے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



کراچی: وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف حاجی کیمپ میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ایم کیو ایم پاکستان کی طرح پی ٹی آئی پاکستان بننے والی ہے، وادوڈا

شہباز شریف وہ کام نہیں کر رہے جو ان کے بھائی یا بانی پی ٹی آئی نے کیا، پی ٹی آئی کا سکندر بننے کے لیے پارٹی میں دوڑ لگی ہوئی ہے

اب پی ٹی آئی ن لیگی حکومت کی ضامن ہے، بانی پی ٹی آئی غیر متعلق ہو چکے ہیں، بجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو

کراچی (این این آئی) سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم شہباز شریف وہ کام نہیں کر رہے جو ان کے بھائی یا بانی پی ٹی آئی نے کیا ہے، ایم کیو ایم پاکستان کی طرح اب پی ٹی آئی پاکستان بننے والی ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں بات چیت کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ آئی کا سکندر بننے کے لیے پارٹی میں دوڑ لگی ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نیلی حکومت کی ضامن ہے، بانی پی ٹی آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

کمبوڈیا کا خرچے سال کی تقریبات کے دوران

چین سے آئے پرانے دوست کا استقبال

نوم پنہ (شنہوا) کمبوڈیا میں اپریل کا مہینہ خرچے سال کی آمد کا پیغام لاتا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر عمران علی کی زیر صدارت پولیو مہم کے سلسلے میں جائزہ اجلاس

قصور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں مثبت رجحان

548 پوائنٹس کا اضافہ

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں آج کاروبار کا مثبت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

منشیات کے سد باب کیلئے بڑے فیصلے کیے جائیں گے، محسن نقوی

وفاقی وزیر داخلہ سے پاک گلف تعاون کونسل اینٹی نارکوٹکس کانفرنس کے وفود کے سربراہان کی ملاقات، منشیات کے تدارک پر تبادلہ خیال

وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول نے کامیاب کانفرنس پر ایف ایف اور گلف تعاون کونسل کے مندوبین کو مبارکباد دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی نے پاک گلف تعاون کونسل اینٹی نارکوٹکس کانفرنس کے وفود کے سربراہان سے ملاقات کی۔ وفد میں متحدہ عرب امارات کے ڈی جی اینٹی نارکوٹکس ڈپارٹمنٹ بریگیڈیئر سعید عبداللہ الاسعیدی، قطر کے ڈی جی نارکوٹکس ڈپارٹمنٹ کرنل رشید ساری، سعودی عرب کے ڈی جی نارکوٹکس ڈیپارٹمنٹ میجر جنرل سعد بن سعود الاتھی، عمان پولیس کے ڈی جی نارکوٹکس بریگیڈیئر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

ٹرمپ کی جانب سے سکارکٹ معطل کرنے کے بعد بائیڈن ہارورڈ یونیورسٹی پہنچ گئے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے آئیوی لیگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

فلوریڈا اسٹیٹ یونیورسٹی میں فائرنگ، ایک شخص ہلاک، 5 زخمی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست فلوریڈا کی یونیورسٹی میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک اور 5 زخمی ہو گئے۔ ٹرمپ نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

ایران کے پاس عظیم ملک بننے کا موقع ہے، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ کی ایران پر اسرائیلی حملہ منسوخ کرنے کی امریکی اخباری رپورٹ پر صدر ٹرمپ کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

اوورسیز کی جائیداد تنازعات کیلئے گورنر ہاؤس میں اوورسیز ڈیسک کے قیام کا اعلان

لاہور (این این آئی) اوورسیز کمیشن آف پاکستان کے رکن فرخ حبیب نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ملاقات کر کے لندن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

آئی ٹیکنالوجی وقت کی اہم ضرورت ہے، ملک محمد احمد خان

ہمیں اپنی کامیابی کا ایجنڈا طے کرنا ہوگا، سپیکر پنجاب اسمبلی کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے لاہور گریژن یونیورسٹی میں منعقدہ پانچویں انٹرنیشنل کانفرنس بینٹیک سائنسز کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کو وائس چانسلر ڈاکٹر ایاز محمود اور گریژن یونیورسٹی میں منعقدہ پانچویں

آئندہ مالی سال کیلئے 11.2 فیصد ٹیکس ٹو جی ڈی پی ہدف رکھنے پر اتفاق

آئی ایم ایف کیساتھ آئندہ مالی سال کیلئے 11.2 فیصد ٹیکس ٹو جی ڈی پی پر اتفاق ہوا ہے، دستاویز

اسلام آباد (این این آئی) آئندہ مالی سال کیلئے 11.2 فیصد ٹیکس ٹو جی ڈی پی ہدف رکھنے پر اتفاق کر لیا گیا۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق آئندہ مالی سال کیلئے جی ڈی پی سائز کا تخمینہ لگا کر ایف بی آر کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، آئی ایم ایف کیساتھ آئندہ مالی سال کیلئے 11.2 فیصد ٹیکس ٹو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

ڈانس پارٹی کی بس ایس ایچ او اور 2 کانسٹیبل قصوروار قرار

لوگوں کی ٹنڈیں کرنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جا سکتی، یہ قانون کے منافی ہے، ہائیکورٹ نے سوشل میڈیا پالیسی بھی طلب کر لی

آئندہ کسی پولیس افسر نے زیر حراست ملزمان کا انٹرویو کیا تو متعلقہ ایس ڈی ایم ذمہ دار ہوگا، عدالت کے ریمارکس

لاہور (این این آئی) قصور ڈانس پارٹی بس میں ایڈیشنل ڈی سی اظہر فرید کے حقیقی پوتے لاہور ہائیکورٹ میں پیش ہوئے، عدالت نے ریمارکس دیئے کہ آئندہ کسی پولیس افسر نے زیر حراست ملزمان کا انٹرویو کیا تو متعلقہ ایس ڈی ایم ذمہ دار ہوگا، عدالت نے 2 کانسٹیبل قصوروار پائے گئے، عدالت نے آئندہ سماعت پر پولیس سے سوشل میڈیا پالیسی بھی طلب کر لی۔ ہائیکورٹ نے شمس علی شاہ، باجوہ نے قصور میں سیدنا ڈانس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے کامرس جام کمال خان سے سعودیہ کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

اسرائیل نے جنگ بندی معاہدے کی پابندی نہیں کی، امیر قطر

حل صرف اقوام متحدہ کی قراردادوں کی بنیاد پر اور دو ریاستی حل سے مشروط ہے، روئی صدر سے ملاقات

ماسکو (این این آئی) قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی نے کہا کہ اسرائیل نے غزہ میں جنوری میں ہونے والے جنگ بندی کے معاہدے کا احترام نہیں کیا۔ میڈیا بریفنگ سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

وائے ایل ایف کے زیر اہتمام صحافی کالونی میں وکلاء کنونشن کا انعقاد

سابق وزیر مملکت اطلاعات فرخ حبیب، ممبر پنجاب بار چوہدری نصیر گجر و دیگر کی شرکت

لاہور (این این آئی) صدر صحافی کالونی وکلاء فورم حافظ محسن محمود، میاں احسن محمود اور شیخ عامد جاوید سیکرٹری وائے ایل ایف جاہ سے وکلاء کنونشن کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)



کراچی: چیئرمین وزیراعظم پیکیج پروگرام اسامہ شیخ اور چیئرمین سٹی کراچی میں طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



ڈپٹی کمشنر سید موسیٰ رضا پولیو مہم کے انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

17 کروڑ روپے سے زائد کی سینکڑوں کلو منشیات برآمد

منشیات اسمگلنگ کے خلاف اینٹی نارکوٹکس فورس کا کریک ڈاؤن جاری ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) ملک بھر میں اسمگلنگ کاروائیوں میں 17 کروڑ روپے سے زائد کی سینکڑوں کلو منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان کے مطابق تعلیمی اداروں اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف اینٹی نارکوٹکس فورس کا کریک ڈاؤن جاری ہے، اس دوران 7 مختلف کروائیوں میں 12 ملزمان کو گرفتار کرکے 17 کروڑ روپے سے زیادکی مالیت کی 685 کلو گرام منشیات برآمد کر لی گئی ہے۔ حکام نے سبزی ہال، سیالکوٹ میں یونیورسٹی کے قریب خاتون سمیت ملزم سے 800 گرام آئس برآمد کر لی۔ ملزمان نے تعلیمی اداروں کے طلبا کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف بھی کیا ہے۔ لاہور میں کوریئر آفس سے آسٹریلیا بھیجے جانے والے پارسل سے 510 گرام آئس برآمد ہوئی۔ اسی طرح سرحان بازار نیشین کے قریب گاڑی کے خفیہ خانوں سے 612 کلو افیون برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ دوسری جانب سہراب گوٹھ کراچی میں بس ٹرمینل کے قریب 2 گاڑیوں سے 54 کلو چرس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ادھر ساؤتھ ایشین پورٹ ٹرمینل کراچی پر AC یونٹ میں چھپائی گئی 6.9 کلو ہیروئن برآمد کر کے موقع پر موجود 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ علاوہ ازیں سی پائی پاس سکھر کے قریب 4 خواتین سے 8 کلو چرس برآمد ہوئی جب کہ حاجی کیمپ پشاور میں ملزم سے 100 گرام نشہ آور گولیاں برآمد کر لی گئیں۔ تمام کاروائیوں میں گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

موٹروے ایم 2 سیالکوٹ موٹروے پر دوران ڈرائیونگ کرنسی نوٹ گننے والے بس ڈرائیور کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) موٹروے ایم 2 سیالکوٹ موٹروے پر دوران ڈرائیونگ کرنسی نوٹ گننے والے بس ڈرائیور کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق بس چلاتے ہوئے خطرناک اسٹنٹ کرنے والے ڈرائیور کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں بس ڈرائیور نوٹ گن رہا تھا۔ ابتدائی سے ڈرائیونگ کرنے والے ڈرائیور پر تھانہ کلیاں میں ایف آئی آر درج کر لی گئی جس کے مطابق بس ڈرائیور کا خطرناک عمل روڈ یوزر کے لیے نہایت خطرناک ہو سکتا تھا۔ ترجمان کے مطابق محفوظ ڈرائیونگ اور محفوظ سفر موٹروے پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ٹریفک مینجمنٹ اینڈ کمانڈ کورس کی ٹریننگ کے آخری روز ٹریفک آفیسر (TOs) کا یوایم ٹی اور سیف سٹی ہاؤ کا دورہ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ٹریفک مینجمنٹ اینڈ کمانڈ کورس کی ٹریننگ کے آخری روز ٹریفک آفیسر (TOs) کا یو ایم ٹی اور سیف سٹی ہاؤ کا دورہ کیا گیا۔ کورس کے دوسرے مرحلہ میں لاہور، راولپنڈی اور ملتان ٹریفک آفیسرز (TOs) شامل تھے۔ یو ایم ٹی کے ڈائریکٹر پروفیسر عرفان نے ٹریفک آفیسرز (TOs) ٹریفک مینجمنٹ اینڈ کمانڈ کے حوالے سے خصوصی لیکچر دیا۔ ٹریفک آفیسرز (TOs) نے ٹریفک مینجمنٹ میں معلومات کے حوالے سے جانے والے تجربات کے بارے میں بریفنگ دی۔ ٹریفک آفیسرز (TOs) کو سیف سٹی میں سمارٹ ٹریفک مینجمنٹ کے حوالے سے بریف کیا گیا۔ سیف سٹی اور ٹریفک آپریشنز کے ذریعے ٹریفک نظام کو بہتر بنانے کے استعمال کے طریقوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ٹریفک آفیسرز (TOs) نے ٹریفک مینجمنٹ کے حوالے سے اپنے تجربات شیئر کیے۔ ٹریفک آفیسرز (TOs) نے ٹریفک مینجمنٹ کے حوالے سے اپنے تجربات شیئر کیے۔ ٹریفک آفیسرز (TOs) نے ٹریفک مینجمنٹ کے حوالے سے اپنے تجربات شیئر کیے۔

ورلڈ پبلک سرجری ڈے کے حوالے سے تقریب یونیورسٹی ہیلتھ سائنسز میں منعقد ہوگی

کانفرنس کے پیٹرن ان چیف وائس چانسلر پروفیسر مسعود صادق ہوں گے

لاہور (نمائندہ خصوصی) ورلڈ پبلک سرجری ڈے کے حوالے سے کانفرنس آج یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں منعقد ہوگی کانفرنس کے پیٹرن ان چیف وائس چانسلر پروفیسر مسعود صادق ہوں گے جبکہ چیف آرگنائزر میں ڈاکٹر محمد بلال مرزا، ڈاکٹر مہرین زہرہ خان، ڈاکٹر وجیہ الرحمن، ڈاکٹر فرخ شامل ہیں اس کے علاوہ پینلز میں پروفیسر ڈاکٹر نبیلہ طلعت شامل ہیں کانفرنس کا انعقاد تلاوت قرآن پاک سے ہوگا اور ڈاکٹر ابوبکر شفاعت عمر قرآن پاک کی تلاوت کریں گے جب کہ بگل ایڈریس پروفیسر نبیلہ طلعت کی جانب سے پیش کیا جائے گا اس موقع پر کانفرنس میں پروفیسر اپ گریڈ ہونے والے ڈاکٹرز کو شیلڈز دی جائیں گی۔ کانفرنس میں ملک بھر سے ماہر سرجنز شرکت کریں گے۔ کانفرنس کے مختلف سیشنز میں ماہر سرجنز اپنے اپنے شعبہ جات میں سرجری کے حوالے سے اپنے تجربات شیئر کریں گے۔ کانفرنس میں ڈاکٹرز کو سرٹیفکیٹس بھی دیے جائیں گے۔

لاہور کو خوبصورت بنانے کا مشن: ضلعی انتظامیہ کی شاندار کارکردگی

شہر بھر سے غیر قانونی بینرز اور تجاوزات کا خاتمہ، صفائی مہم اور غیر قانونی مویشیوں کے خلاف سخت ایکشن

ایم آر اے کے کاروباری حضرات سے کامیاب مذاکرات، رضاکارانہ طور پر تجاوزات مسمار

لاہور (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی قیادت میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں قومی یوم پولیو مہم کے آئندہ راؤنڈ سے انتظامات کو حتمی شکل دی گئی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد شجعین وطرہ، ڈی ایچ او ڈاکٹر زوہیب وطرہ، ڈی ایجوکیشن آفیسر (ایلیمنٹری) ڈاکٹر زوہیب آسنہ ارشد، ڈی ایچ او ڈاکٹر زوہیب، تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈی ایچ او ڈاکٹر زوہیب نے آئندہ انسداد پولیو مہم کے دوران 5 سال سے کم عمر ہر بچے تک رسائی یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ وہ انتہائی کیسز رپورٹنگ کو مؤثر بنائیں اور 100 فیصد ٹیمیں ڈسٹرکٹ پولیو ایپ کا استعمال کریں۔ ڈی سی او لاہور نے ہدایت دی کہ پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے حوالے سے کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈی سی او لاہور کو مکمل عمل پر پولیو فری شہر بنایا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ مینجمنٹ ٹیم کو اپنی کارکردگی مزید بہتر بنانے کی خصوصی ہدایت دی گئی۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ مینجمنٹ ٹیم کو کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت، پولیو فری بنانے کیلئے اقدامات کریں، ڈی سی او لاہور کی ہدایت

ڈی سی او لاہور کا انسپکشن میں صفائی اور تجاوزات آپریشن، مؤثر اقدامات جاری

غیر قانونی تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی کا حکم، آپریشن میں تیزی

لاہور (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے انسپکشن کے دوران تجاوزات کے خلاف سخت آپریشن جاری رکھنے کی ہدایت کی ہے۔ ڈی سی او لاہور کا کہنا تھا کہ غیر قانونی تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کی نگرانی کی جائے گی اور متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی یقینی بنائیں۔ ڈی سی او لاہور نے انسپکشن کے دوران ہدایت کی کہ ہر علاقے میں صفائی کے حوالے سے ذمہ داری کا تعین کیا جائے اور غفلت برتنے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ صفائی کے حوالے سے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور کچرا صرف مقررہ جگہوں پر ہی پھینکیں۔ ڈی سی او لاہور نے کہا کہ لاہور کو صاف اور سرسبز بنانے کے لیے ہر شہری کا تعاون ضروری ہے۔ انسپکشن کے دوران ڈی سی او لاہور نے متعدد علاقوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے صفائی کے ناقص انتظامات پر افسران کی سرزنش کی اور فوری طور پر بہتری کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی کے لیے ہر ادارے کو اپنی ذمہ داری پوری کرنا ہوگی اور کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

پاکستان کیمیکل فورم 2025: 24 سے 26 اپریل تک لاہور ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوگا

پاکستان کیمیکل فورم 2025 ملک میں کیمیکل اور اس سے منسلک صنعتوں کا سب سے بڑا اور اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگا



لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام پاکستان کیمیکل فورم 2025 کے تیسرے ایڈیشن کی مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران کہا گیا کہ پاکستان کیمیکل فورم 26 اپریل سے 24 اپریل تک لاہور ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوگا۔ لاہور چیمبر کے سابق صدر اور فورم کے کنوینر رشید گروپ کے چیئرمین شیخ یاسر رشید نے کہا کہ پاکستان کیمیکل فورم 2025 ملک میں کیمیکل اور اس سے منسلک صنعتوں کا سب سے بڑا اور اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگا جہاں کیمیکل، فارما، پلاسٹک، پینٹس، ٹیکسٹائل، چمڑا، کاغذ، ربڑ، ایگریکیمیکل، پیٹرولیم، پیٹرو کیمیکل، ایندھن، توانائی، ماحولیات، ٹیکنالوجی اور سروسز سمیت تمام شعبوں کی نمائندگی کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ فورم میں 200 سے زائد نمائشی اسٹالز لگائے جائیں گے جہاں کیمیکل، فارما، مشینری، لیبارٹری آلات اور تیار مصنوعات کی نمائش کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ فورم میں 1000 سے زائد مندوبین کی شرکت متوقع ہے جن میں کیمیکل، فارما، مشینری، لیبارٹری آلات اور تیار مصنوعات کے درآمد کنندگان، برآمد کنندگان، مینوفیکچررز، ایسوسی ایشنز کے عہدیدار اور ماہرین شامل ہیں۔ فورم میں 20 سے زائد ممالک کے خریدار شرکت کریں گے جن کے لیے ون ٹو ون میٹنگز کا انتظام کیا گیا ہے۔ فورم میں ایک کانفرنس بھی منعقد ہوگی جس میں مختلف موضوعات پر ماہرین اظہار خیال کریں گے۔ کانفرنس کے موضوعات میں کیمیکل سیکٹر کی ترقی کے امکانات، ماحولیاتی چیلنجز اور ان کے حل، ٹیکنالوجی کا استعمال اور برآمدات بڑھانے کے طریقے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فورم میں شرکت کرنے والے خریداروں کے لیے خصوصی ٹریول پیکجز کا اعلان کیا گیا ہے جن کے تحت انہیں لاہور کے مختلف سیاحتی مقامات کی سیر بھی کرائی جائے گی۔ فورم کے کنوینر رشید گروپ کے چیئرمین شیخ یاسر رشید نے کہا کہ فورم میں شرکت کرنے والے خریداروں کے لیے خصوصی ٹریول پیکجز کا اعلان کیا گیا ہے جن کے تحت انہیں لاہور کے مختلف سیاحتی مقامات کی سیر بھی کرائی جائے گی۔ فورم کے کنوینر رشید گروپ کے چیئرمین شیخ یاسر رشید نے کہا کہ فورم میں شرکت کرنے والے خریداروں کے لیے خصوصی ٹریول پیکجز کا اعلان کیا گیا ہے جن کے تحت انہیں لاہور کے مختلف سیاحتی مقامات کی سیر بھی کرائی جائے گی۔

خواتین اور لڑکیاں بھی خون کے بہنے سے متاثرہ ہیں: پروفیسر مسعود صادق

احتیاطی ذمہ داری مریض کی بیماری کو تسلیم کریں، بہتر علاج و نگہداشت کو ممکن بنائیں: وائس چانسلر



لاہور (خبر نگار) پاکستان میں بھی دنیا بھر کی طرح خون بہنے کی بیماریوں سے متاثرہ افراد ہر سال 17 اپریل کو ورلڈ ہیموفیلیا ڈے منائے جانے کے سال کا اہم ترین موضوع ہے۔ چلڈرن ہسپتال و یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز لاہور میں ورلڈ ہیموفیلیا ڈے کے حوالے سے ایک سیمینار منعقد کیا گیا۔ اس تقریب میں سرکاری حکام، ڈاکٹرز، ماہرین صحت کے خاندان، سماجی کارکنان اور مختلف شعبہ کے ہیماٹالوجسٹ کے اعلاوہ میں ایک آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا۔ سیمینار سے ماہرین پروفیسر ڈاکٹر مسعود صادق، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز لاہور، پروفیسر ڈاکٹر صائمہ خرمان، چلڈرن ہسپتال لاہور (کنسلٹنٹ پیڈیاٹرک ہیماٹالوجسٹ) پروفیسر ڈاکٹر ثمرا سرور، پروفیسر عبدالصمد ڈاکٹر شہباز طارق سیخ، سرپرست اور ٹاپ ٹین میں شامل نوجوانوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں امید کرتا ہوں کہ آپ اپنی زندگی میں آگے بڑھیں گے اور ملک کا نام روشن کریں گے۔ ایف آئی اے کے افسران سے ملاقات کے بعد پریڈ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 19 اپریل 2025ء

مرکزی جمعیت اہلحدیث حافظ آباد کے زیراہتمام یکجہتی فلسطین ریلی

ریلی میں حاجی عبدالحمید رحمانی ضلعی ناظم مالیات مرکزی جمعیت اہلحدیث، حضرت مولانا طارق محمود مدنی تحصیل ناظم مرکزی جمعیت اہلحدیث، بزرگ رہنما حضرت مولانا عطاء اللہ محمدی و دیگر کی شرکت



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مرکزی جمعیت اہلحدیث حافظ آباد و اہلحدیث یوتھ فورس سٹی حافظ آباد کے زیراہتمام یکجہتی فلسطین ریلی نکالی گئی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں فلسطینی پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر اے اقصیٰ ہم شرمندہ ہیں تجھ پر قابض درندے ہیں اور ہم غزہ کے ساتھ ہیں جیسے نعرے درج تھے۔ ریلی میں اسرائیلی جارحیت کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی اور مظلوم فلسطینی عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ ریلی میں حاجی عبدالحمید رحمانی ضلعی ناظم مالیات مرکزی جمعیت اہلحدیث، حضرت مولانا طارق محمود مدنی تحصیل ناظم مرکزی جمعیت اہلحدیث، بزرگ رہنما حضرت مولانا عطاء اللہ محمدی، حضرت مولانا عابد الٰہی خطیب جامع مسجد مبارک، محمد عثمان رحمانی ناظم مالیات اہلحدیث یوتھ فورس، حافظ محمد عمر زمان سٹی صدر اہلحدیث یوتھ فورس، شیخ اکمن اعجاز سٹی جنرل سیکرٹری اہلحدیث یوتھ فورس، احمد یعقوب انصاری سٹی سینئر نائب صدر اہلحدیث یوتھ فورس، حذیفہ سعید بھون سٹی فنانس سیکرٹری اہلحدیث یوتھ فورس سمیت کارکنوں کی کثیر تعداد نے ریلی میں شرکت کی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ اسرائیل کی جانب سے نہتے فلسطینیوں پر بمباری انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہے۔ فلسطینی بھائی بہنوں پر ظلم کسی صورت قبول نہیں، اسرائیل کی جانب سے معصوم بچوں، جوانوں اور خواتین پر بمباری ناقابل برداشت ہے۔ غزہ کے فلسطینیوں کو خوراک ادویات اور دیگر ضروری اشیاء کی اشد ضرورت ہے، مسلم حکمران اس میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ اب صرف مذمت کافی نہیں بلکہ عملی اقدامات ضروری ہیں۔ خاص طور پر اسرائیلی مصنوعات کا حکومتی سطح پر مکمل بائیکاٹ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسرائیل کو معاشی طور پر کمزور کرنے کے لیے ان کی مصنوعات کا بائیکاٹ ضروری ہے۔ اسرائیل کے خلاف ہر سطح پر احتجاج جاری رہے گا تاکہ دنیا بھر میں ان کے ظلم کو آشکار کیا جاسکے۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ اسرائیل جارحیت کے خلاف اقوام متحدہ اور تمام مسلم ممالک آواز اٹھائیں اور جو لوگ اسرائیلی جارحیت پر خاموش ہیں۔

ضلع بھر میں دوکانداروں نے اشیاء خورونوش کے من مانے نرخ مقرر کر لیے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر ضلع بھر میں دوکانداروں نے اشیاء خورونوش کے من مانے نرخ مقرر کر لیے غریب سفید پوش طبقہ فاقوں پر مجبور، سبزی گوشت چنے دالیں وغیرہ غریب آدمی کی پہنچ سے کوسوں میل دور ہوگئیں شہریوں نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی عدم دلچسپی کی وجہ سے بااثر دکانداروں نے خود ساختہ مہنگائی کر رکھی ہے شہر سمیت ضلع بھر میں مہنگائی کا جن انتظامیہ کنٹرول کرنے میں بے بس دکھائی دیتی ہے کھانے پینے کی تمام اشیاء اس قدر مہنگی ہیں جس کی وجہ سے لوگوں کی قوت خرید جواب دے چکی ہے۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ڈرگز کنٹرولر عمر حیات کی ممنوعہ ادویات کی فروخت پر کارروائی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ڈرگز کنٹرولر عمر حیات کی ممنوعہ ادویات کی فروخت پر کارروائی، ڈسٹرکٹ ڈرگز کنٹرولر نے شہر کے متعدد میڈیکل سٹورز کی چیکنگ کی اور ممنوعہ ادویات کی فروخت میں ملوث 2 میڈیکل سٹورز کے خلاف چالان کرتے ہوئے انہیں موقع پر سیل کر دیا، اس موقع پر ڈسٹرکٹ ڈرگز کنٹرولر عمر حیات نے کہا کہ غیر معیاری اور ممنوعہ ادویات کی فروخت کرنے والے میڈیکل سٹور مالکان سخت کاروائیوں کے لیے تیار رہیں، انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں میڈیکل سٹور مالکان کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی اور ڈرگ ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے ساتھ اپنی ہاتھوں سے نپٹا جائے گا

وزیراعظم کے موثر معاشی فیصلوں کے ثمرات عوام تک پہنچ رہے ہیں: حسام وقار چیمہ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے مثالی اقدامات سے غریب طبقات کو دہلیز پر تمام تر سہولیات میسر ہوئیں

وزیرآباد (تحصیل رپورٹر) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کے موثر معاشی فیصلوں کے ثمرات عوام تک پہنچ رہے ہیں ملکی حالات پہلے سے بہت بہتر ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے مثالی اقدامات سے غریب طبقات کو دہلیز پر تمام ترسہولیات میسر ہوئیں، مسلم لیگ (ن) بلند و بانگ دعوؤں کی بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ وزراء مشیر اور معاونین خصوصی خزانے پر بوجھ ڈالنے کی بجائے اپنی اخراجات خود برداشت کر رہے ہیں ملک کے معاشی حالات ہر دن مستحکم ہو رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار مسلم لیگ (ن) کے رہنما حسام وقار چیمہ نے ضلعی آرگنائزر لیبر ونگ محمد عمران سنی کی رہائشگاہ پر اور انکی بیٹی کی شادی کی مبارکباد دینے پے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر محمد عمر، باؤ عدیل و دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی بہترین صلاحیتوں اور حکمت عملی کی بدولت تمام درپیش مسائل پر قابو پایا جا رہا ہے مسلم لیگ (ن) نے وفاق اور پنجاب میں حکومتی سطح پر اخراجات میں واضح کمی کی کفایت شعاری کو فروغ دیا اور قومی وسائل و سرمایہ عوامی فلاح و بہبود پر خرچ کیا جا رہا ہے۔

کے مختلف مقامات پر ہیٹ اسٹروک ریلیف کیمپس قائم کر دیئے گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) میونسپل کمیٹی چنیوٹ کی جانب سے عوامی خدمت کا تسلسل گرمی کی شدید لہر کے پیش نظر میونسپل کمیٹی چنیوٹ کی جانب سے شہر کے مختلف مقامات پر ہیٹ اسٹروک ریلیف کیمپس قائم کیے گئے ہیں، جہاں شہری تازہ پانی اور سایہ دار جگہ سے استفادہ کر رہے ہیں۔ یہ کیمپس شہریوں کو ہیٹ اسٹروک سے محفوظ رکھنے کے لیے ہیں۔ شہریوں کی بڑی تعداد کیمپ پر آ کر پانی پی رہی ہے اور میونسپل کمیٹی کے اس اقدام کو سراہا رہی ہے۔

خصوصی افراد میں ووٹ کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا انعقاد

آگاہی سیمینار میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر رائے سلطان بھٹی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر رائے احمد و دیگر کی شرکت



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی الیکشن کمشنر ننکانہ صاحب کے زیراہتمام خصوصی افراد میں ووٹ کے حوالے سے آگاہی سیمینار منعقد ہوا۔ آگاہی سیمینار میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر رائے سلطان بھٹی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر رائے احمد، ڈسٹرکٹ ووڈز ایجوکیشن کمیٹی، سماجی رہنماؤں سمیت خصوصی افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے نہ صرف خصوصی افراد کے ووٹ ڈالنے کے بنیادی حق پر زور دیا بلکہ ان کے لیے موجود سہولیات، چیلنجز اور اصلاحات پر بھی مفصل گفتگو کی۔ نادرا کے نمائندے نے سیمینار سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خصوصی افراد کو شناختی کارڈز کی سہولت انکے گھر کی دہلیز پر فراہم کی جا رہی ہے اور دفاتر میں بھی معذور افراد کے لیے خصوصی کاؤنٹرز قائم کیے گئے ہیں۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نے اپنے خطاب میں کہا کہ خصوصی افراد کی کفالت اور معاشرے کا ذمہ دار شہری بنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے، ہم خصوصی افراد کی صرف امداد ہی نہ کریں بلکہ ان کی معاشرے میں سماجی سمولیت کو یقینی بنائیں۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر رائے سلطان بھٹی نے سیمینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے خصوصی ووٹرز کے لیے فراہم کردہ جیسے کہ ڈاک کے ذریعے ووٹ ڈالنے اور پولنگ اسٹیشنز پر ریمپ کی سہولت کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری عمل میں معاشرے کے ہر فرد کی شرکت ایک مضبوط، شفاف اور بااختیار نظام حکومت کی ضمانت قرار دیا۔

انسداد پولیو مہم کے تمام امور کی نگرانی کروں گی: اسسٹنٹ کمشنر انعم بشیر

قومی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے مائکرو پلان کے مطابق اقدامات کے لیے تیار رہیں



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر انعم بشیر نے کہا ہے کہ انسداد پولیو مہم کے تحت پانچ سال تک کی عمر کے بچوں میں پولیو ویکسینیشن کے سلسلہ میں بنائی جانے والی ٹیموں کے یوسی ایم اوز اور ایریا انچارجز قومی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے مائکرو پلان کے مطابق اقدامات کے لیے تیار رہیں اور 21 اپریل سے شروع ہونے والی مہم کے دوران بچوں کو گھر گھر پولیو کے قطرے پلانے کے لیے ٹیموں کی موثر انداز میں نگرانی کریں، یہ باتیں انہوں نے انسداد پولیو مہم کے سلسلہ میں پیش کی اقدامات اور انتظامات کے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہیں، اسسٹنٹ کمشنر انعم بشیر نے کہا کہ وہ ذاتی طور پر انسداد پولیو مہم کے تمام امور کی نگرانی کریں گے اور فرائض میں غفلت برتنے والوں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔

ٹرانسفارمر آئے روز خراب ہونے سے اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) نواحی گاؤں پنڈی باورے میں بجلی کا ٹرانسفارمر آئے روز خراب ہونے سے اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ٹرانسفارمر بہت پرانا اور خستہ حال ہے جس پر بجلی کا لوڈ بہت زیادہ ہے اور ٹرانسفارمر بجلی کے لوڈ کا بوجھ برداشت نہیں کر پاتا۔ ہفتہ، دس دن بعد اس میں فنی خرابی ہو جاتی ہے۔ وولٹیج یک دم انتہائی زیادہ اور کم ہے میں انتہائی کم ہو جاتے ہیں جس سے گھروں اور دکانوں میں لگے برقی آلات فریج، اے سی، پنکھے، ٹی وی وغیرہ جل جاتے ہیں اور لائٹس فیوز جاتی ہیں۔ جس سے صارفین کا کافی مالی نقصان ہو جاتا ہے۔ واپڈا اہلکار کمپلینٹ کرنے پر آ کر وقتی طور پر اسے تھوڑا بہت ٹھیک کرتے ہیں۔

ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز عظمیٰ ادریس نے گورنمنٹ گرلز ایسوسی ایٹ کالج جھلمی کا دورہ کیا

اس موقع پر آل صدیق ویلفیئر فاؤنڈیشن کے عہدیداران رانا اخلاق احمد، رانا محمد اشرف، رانا محمد اکرم اور رانا محمد الیاس و دیگر موجود تھے



تیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز عظمیٰ ادریس نے گورنمنٹ گرلز ایسوسی ایٹ کالج جھلمی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے پرنسپل پروفیسر نغمانہ محمد یار، چیئرمین ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی پروفیسر ڈاکٹر عطاء محمد، اسسٹنٹ پروفیسر رانا محمد اشفاق، سپورٹس انچارج مس ثمرین افضال، کوچ راشد حسین و دیگر سے ملاقات کی اس موقع پر آل صدیق ویلفیئر فاؤنڈیشن کے عہدیداران رانا اخلاق احمد، رانا محمد اشرف، رانا محمد الیاس و دیگر موجود تھے جنہوں نے جھلمی گرلز کالج کی طالبات کی سپورٹس ایونٹس میں شاندار کارکردگی پر مبارکباد دی اور ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز عظمیٰ ادریس و چیئرمین ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹی پروفیسر ڈاکٹر عطاء محمد کو اعزازی شیلڈز پیش کیں، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز عظمیٰ ادریس نے اعزازی شیلڈ دینے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہماری ہمیشہ سے اولین ترجیح رہی ہے کہ طالبات نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کریں خصوصاً کھیلوں کے مقابلوں میں طالبات کی شمولیت پر توجہ دی جس کا نتیجہ ہے کہ طالبات نے تعلیمی کارکردگی سمیت کھیلوں میں بھی نمایاں مقام حاصل کیا انہوں نے گرلز کالج جھلمی کی پرنسپل و دیگر اساتذہ و سپورٹس انچارج اور کوچ کو کالج ہذا کی طالبات کی طرف سے کھیلوں کے مقابلوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر مبارکباد دی اور انکی کاوشوں کو سراہا۔

فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کیلئے شاہین باد میں احتجاجی ریلی

ریلی کی قیادت ضلعی سینئر نائب صدر انجمن مہریہ نصیریہ ویلفیئر قاری محمد عمران چشتی قادری نصیروی صدر امن ضلع گوجرانوالہ نے کی



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) اسرائیلی مظالم کیخلاف مظلوم اور نہتے فلسطینی مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کیلئے گزشتہ روز شاہین باد میں احتجاجی ریلی نکالی گئی، ریلی کی قیادت ضلعی سینئر نائب صدر انجمن مہریہ نصیریہ ویلفیئر قاری محمد عمران چشتی قادری نصیروی صدر امن ضلع گوجرانوالہ نے کی۔ ریلی میں خطیب اعظم ہال مقیم دبئی علامہ قاری محمد ساجد رضوی نے خصوصی شرکت کی، اس موقع پر ریلی کے شرکاء نے اسرائیلی پرچم نذر آتش کرتے ہوئے مظلوم اور نہتے فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم کیخلاف پرزور احتجاج کیا۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی سینئر نائب صدر انجمن مہریہ نصیریہ ویلفیئر قاری محمد عمران چشتی قادری نصیروی صدر امن ضلع گوجرانوالہ نے کہا کہ ہمیں چاہئے کہ اسرائیل کو مالی طور پر مضبوط کرنیوالی مصنوعات اشیا کا مکمل بائیکاٹ کریں، انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کے حکمران کو بھی چاہئے کہ وہ اپنا آپ واضح کریں کہ وہ عالم کفر کے ساتھ کھڑے ہیں یا امت مسلمہ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وقت کا تقاضا ہی کہ مظلوموں کی مدد اور عالمی سطح پر حمایت کیلئے حکومت پاکستان امت مسلمہ کی قیادت کا کردار ادا کرتے ہوئے واضح پالیسی کا اعلان کرے اسرائیلی جارحیت مسلم ممالک کے حکمرانوں کی مجرمانہ خاموشی قابل تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالم اسلام کو بھی ہوش کے ناخن لیتے ہوئے مظلوموں کے کیلئے وحدت اور حمیت کو قائم رکھتے ہوئے غیرت ایمانی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ ریلی کے دیگر شرکاء میں محمد حسین مجددی، محمد حسنین رضا، حافظ محمد سبطین رضا، محمد حسن مجددی، حافظ محمد بلال، محمد عظیم خان، چوہدری محمد ندیم، محمد نوید احمد بھٹی گولڑوی، خالد حسین گولڑوی، محمد عبداللہ عرفان و دیگر شامل ہیں۔

اسسٹنٹ پروفیسر رشید احمد بھٹی سیکرٹری ایجوکیشن بورڈ گوجرانوالہ تعینات

احمد بھٹی جوگورنمنٹ جناح اسلامیہ گریجوایٹ کالج سیالکوٹ میں بطور اسسٹنٹ پروفیسر خدمات انجام دے رہے تھے اضافی چارج بھی سونپ دیا گیا ہے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) اسسٹنٹ پروفیسر رشید احمد بھٹی سیکرٹری ایجوکیشن بورڈ گوجرانوالہ تعینات، ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ تفصیل کے مطابق رشید احمد بھٹی جوگورنمنٹ جناح اسلامیہ گریجوایٹ کالج سیالکوٹ میں بطور اسسٹنٹ پروفیسر خدمات انجام دے رہے تھے انہیں سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ کا اضافی چارج بھی سونپ دیا گیا ہے۔ دریں اثناء ایجوکیشن بورڈ ایمپلائیز یونین کے عہدیداران سرپرست سید سبطین شاہ، سینئر نائب صدر طارق عبداللہ، نائب صدر اول طارق محمود انصاری، نائب صدر دوئم بلال حسین رضوی، جنرل سیکرٹری شیراز اعوان، محمد عرفان گجر، غلام عباس ڈوگر، یاسر جمال، محمد اشرف طاہر، محمد آصف سعید و دیگر نے پروفیسر رشید احمد بھٹی کو سیکرٹری بورڈ تعیناتی پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب میں یوم ثقافتِ پنجاب جوش وخروش سے منایا گیا

اس موقع پر مختلف شعبہ جات کے طلبہ وطالبات اور اساتذہ نے فعال انداز میں شرکت کی



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب میں یوم ثقافتِ پنجاب جوش وخروش سے منایا گیا تفصیلات کے مطابق بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب میں یوم ثقافتِ پنجاب بھرپور جوش و جذبے سے منایا گیا جس کا مقصد پنجاب کی تہذیبی، ثقافتی اور روایتی اقدار کو اجاگر کرنا تھا۔ اس موقع پر مختلف شعبہ جات کے طلبہ و طالبات اور اساتذہ نے فعال انداز میں شرکت کی تقریب کے دوران طلبہ نے مختلف ثقافتی پہلوؤں پر ثقافتی اسٹالز لگائے جن میں سکھ ثقافت، روایتی ڈیرے کی ثقافت، لکڑی کے دستکاری فن پارے، اور ''تر نجن'' (خواتین کی روایتی کھانوں بُننے کی سرگرمی) شامل تھے۔ اس کے علاوہ پنجابی کی روٹی، گڑ والے چاول، اور گول گپے شامل تھے جنہوں نے حاضرین کی خوب توجہ حاصل کی تقریب کا نمایاں اور دلکش پہلو بابا گورونانک یونیورسٹی کے طلبہ کی جانب سے پیش کیے گئے روایتی پنجابی رقص تھے، جنہوں نے ماحول کو خوشگوار اور روایتی رنگوں سے بھر دیا۔ یوم ثقافتِ پنجاب کے انعقاد کے لیے درکار تمام انتظامات شعبہ پنجابی نے شعبہ انگریزی کے اشتراک سے بخوبی انجام دیے، جس کی بدولت یہ پروگرام کامیابی سے ہمکنار ہوا۔ تقریب میں شعبہ پنجابی سے ڈاکٹر غضنفر حسین بخاری اور ڈاکٹر رضوان علی، شعبہ انگریزی سے ڈاکٹر قاسم شفیق، محترمہ عالیہ علی، جناب نعمان بن صفدر، جناب آصف ندیم اور محترمہ سعدیہ شمشاد شامل تھے۔ شعبہ ریاضی کی نمائندگی ڈاکٹر شاہد بین، محترمہ مریم شفیق اور محترمہ اقرا نیاب نے کی۔

فلسطین ہمارا خونی اور مضبوط ایمانی تعلق ہے: چوہدری سلطان گجر

امت مسلمہ کی طرح پاکستانی قوم اپنے بہن بھائیوں کے غم میں شدید اضطراب کا شکار ہے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) فلسطین ہمارا خونی اور مضبوط ایمانی تعلق ہے امت مسلمہ کی طرح پاکستانی قوم اپنے بہن بھائیوں کے غم میں شدید اضطراب کا شکار ہے اور ہم غزہ کے ساتھ ہیں جیسے نعرے درج تھے۔ ریلی میں اسرائیلی جارحیت کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی اور مظلوم فلسطینی عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ ریلی میں حاجی عبدالحمید رحمانی ضلعی ناظم مالیات مرکزی جمعیت اہلحدیث، حضرت مولانا طارق محمود مدنی تحصیل ناظم مرکزی جمعیت اہلحدیث، بزرگ رہنما حضرت مولانا عطاء اللہ محمدی، حضرت مولانا اظہار سماجی راہنما چوہدری سلطان گجر نے فلسطینی بہن بھائیوں کی حالت زار پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا مزید کہا کے چند لاکھ یہودیوں کے سامنے امت مسلمہ گروہی اختلافات کا شکار ہے اور اسلام دشمن قوتوں کے گماشتے ایک ایک اسلامی ریاست کو تباہ و برباد اور نیست و نابود کر رہے ہیں فلسطین میں خوراک کی شدید قلت ہے ادویات ناپید ہیں بچوں کو دودھ میسر نہیں دن رات شہریوں پر بارود برسایا جا رہا ہے ہر طرف موت ہی موت ہے خداوند متعال مسلمانوں کو اپس کے گروہی اختلافات ختم کر کے ایک طاقت بننے کی توفیق عطا فرمائیں تا کے وہ غزہ میں جاری ظلم ستم بند کروائیں

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی صحت دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں بلا تعطل جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی صحت دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں بلا تعطل جاری ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی سربراہی میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نیاندرون شہر کریانہ سٹور پر چھاپے مارے اور بڑی مقدار میں گھی کی شکل میں مضر صحت چربی برآمد کر لی جسے خفیہ طور پر چھپا کر رکھا گیا تھا اور ممکنہ طور پر گھی میں شامل کر کے فروخت کیا جانا تھا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نے بتایا کہ کریانہ کو 20,000 جرمانہ اور بڑی مقدار میں پگھلائی گئی مضر صحت چربی بحق سرکار ضبط کر لی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر کے متعدد دودھ بردار گاڑیوں کی چیکنگ بھی کی گئی۔ دودھ کی ناقص کوالٹی پر 21000 روپے کے جرمانے عائد کیے۔

پیپر یئر کالج میاں چنوں میں ٹیچرز اور طلباء کیمونٹی ڈے منایا گیا

عوامی حلقوں کی جانب سے احسن اقدام پر کالج انتظامیہ اور طلباء کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) پیپر یئر کالج میاں چنوں میں سیشن 25-2023 کے اختتام پر آخری دن ٹیچرز اور طلباء کی کمیونٹی ڈے کے طور پر منایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پیپر یئر کالج میاں چنوں میں سیشن 25-2023 کے اختتام پر کالج کے آخری دن طلباء نے روایتی شور شرابہ اور ہلڑ بازی سے ہٹ کر اپنے آخری دن کو مثبت انداز میں یادگار بنا دیا، طلباء نے کالج کے گیٹ پر کیمپ لگا کر راہگیروں کو پانی پلایا اور با اخلاق رویے سے تہذیب کا چراغ روشن کیا۔ اس موقع پر کالج پرنسپل شعیب خاں کا کہنا تھا کہ کالج سیشن کے اختتام پر کاغذ پھاڑنے اور ایک دوسرے پر رنگ پھینکنے کی بجائے کمیونٹی سروس کر کے طلباء نے ایسی شاندار مثال پیش کی ہے جسے ہمیشہ یاد رکھتے ہوئے مستقبل میں طلباء کے لئے مشعل راہ ثابت ہوگی، عوامی حلقوں کی جانب سے احسن اقدام پر کالج انتظامیہ اور طلباء کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔

مہنگائی کے مرتکب دوکانداروں کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز

چھوٹا اور بڑا گوشت فروخت کرنے والے ان بے رحم قصابوں کے خلاف بھی فوری قانونی کارروائی کا آغاز کیا جائے

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کی ہدایات کی روشنی میں مصنوعی مہنگائی کے مرتکب دوکانداروں کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز، اسسٹنٹ کمشنر چکوال سارہ حیات کے چارج سنبھالنے کے بعد سرکاری ریٹ لسٹ کی دھجیاں اڑانے والے متعدد دوکانداروں کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر چکوال سے درخواست کی ہے کہ چھوٹا اور بڑا گوشت فروخت کرنے والے ان بے رحم قصابوں کے خلاف بھی فوری قانونی کارروائی کا آغاز کیا جائے جو دونوں ہاتھوں سے شہریوں کی کھال اتارنے میں مصروف ہیں۔

ایس ای گیپکو سیالکوٹ کی زیر سربراہی سٹی ون کی کارکردگی بہترین رہی: عبدالقیوم کورائی

گیپکو سٹی ون نے مجموعی طور پر اہداف کامیابی سے حاصل کئے: ایکسیئن سٹی ون



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سپرنٹینڈنٹ انجینئر گیپکو سرکل سیالکوٹ سردار جشید خان کی زیر قیادت گیپکو سٹی ون سیالکوٹ نے اپنی سب ڈویژنز میں پاور ڈویژن کیجانب سے دیئے گئے اہداف کامیابی سے حاصل کئے۔ ان باتوں کا اظہار ایکسیئن سٹی 1 سیالکوٹ عبدالقیوم کورائی نے سنیئر میڈیا نمائندگان کو بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایس ڈی او نیکا پورہ رانا کاشف محمود اور ایس ڈی او فورٹ ناصر محمود بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ نیکا پورہ سب ڈویژن نے گزشتہ ماہ کے دوران مجموعی طور پر بجلی چوری کے 19 مقدمات درج کرائی جبکہ سب ڈویژن فورٹ نے ڈبل سورس وڈائریکٹ تاریں لگاتے 10 بجلی چوروں کیخلاف مقدمات درج کرا کے لاکھوں روپے کے ڈیٹیکشن بلز سرکاری خزانے میں جمع کرائے۔ ایک سوال کے جواب میں ایکسیئن سٹی 1 نے کہا کہ واپڈا واجبات نادہندگان سے وصولیوں و دیگر مد میں پاور ڈویژن کے اہداف کامیابی سے حاصل کئے۔

رائیونڈ کی مشہور و معروف سیاسی و سماجی شخصیت سومی پوار نے دوستوں کے اعزاز میں عشائیہ کا اہتمام کیا

عشائیہ میں ایس ایچ او رائیونڈ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایف آئی اے لیگل سمیت دیگر شامل تھے



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید) رائیونڈ کی مشہور و معروف سیاسی و سماجی شخصیت سومی پوار نے دوستوں کے اعزاز میں شاندار عشائیہ کا اہتمام کیا۔ جس میں ایس ایچ او رائیونڈ سید وقار بخاری، ایڈیشنل ایس ایچ او رضوان ڈوگر، چوکی انچارج جہانگیر رانا اویس، شکیل پوار، چوہدری محمد سرور گجر، مہر محمد آصف، سنیئر صحافی فہم اکبر سندھو، سنیئر صحافی ملک قیصر امین، عبدالرحمن رامے، وقاص جاوا، حاجی شعیب، اور دیگر شامل تھے۔ دوستوں نے شاندار عشائیہ دینے پر سومی پوار کا شکریہ ادا کیا عشائیہ میں دوستوں نے خوب گپ شپ لگائی اور کھانے کا لطف اٹھایا۔ جبکہ سومی پوار نے عشائیہ میں شرکت کرنے پر تمام دوستوں کا شکریہ ادا کیا۔



دارارقم سکول اینڈ گرلز کالج نارنگ میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد

تقریب میں بچوں نے ٹیبلو ز ملی نغمے اور مختلف خاکے و ڈرامے پیش کر کے خوب داد سمیٹی سی ای او دارارقم سکولز پاکستان بخت زدہ سید نے خصوصی شرکت کی



نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) دارارقم سکول اینڈ گرلز کالج نارنگ میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا جس میں طلباء و طالبات والدین اور معززین علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی بچوں نے ٹیبلوز ملی نغمے اور مختلف خاکے و ڈرامے پیش کر کے خوب داد سمیٹی سی ای او دارارقم سکولز پاکستان بخت زدہ سید نے خصوصی شرکت کی ڈائریکٹر دارارقم سکول نارنگ زاہد عمران کوروٹانہ پرنسپل گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج نارنگ پروفیسر تنویر احمد ورک وائس پرنسپل پروفیسر قیصر حمید ڈاکٹر رانا محمد عدنان چوہدری آفتاب کوروٹانہ اور محمد احمد ناگرہ سمیت معزز مہمانوں نے سالانہ امتحان میں بہترین کارکردگی دکھانے والے طلباء اور طالبات میں انعامات تقسیم کیے ڈائریکٹر دارارقم سکول نارنگ زاہد عمران کوروٹانہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نجی سیکٹر بہترین اور معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے اہم کردار ادا کر رہا ہے ہمارا مقصد بچوں کی بنیاد کو مضبوط بنانا ہے تا کہ وہ ثانوی اور اعلیٰ تعلیم کے حصول تک پہنچنے میں مکمل تیار ہو سکیں جب بچے کی بنیاد مضبوط ہوگی تو وہ اعلیٰ تعلیم تک بہترین کامیابی سمیٹے گا اور معاشرے کا بہترین فرد بن کر ابھرے گا پوزیشن حاصل کرنے والے بچوں اور والدین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

وزیراعلیٰ کے پی کے کی لاہور آمد پر انصاف لائر فورم پاکستان کی ایک اہم میٹنگ منعقد کی گئی

پاکستان میں عمران خان کے علاوہ کوئی ایسا رہنما نہیں جو 25 کروڑ عوام کی نمائندگی کا صحیح حق ادا کر سکے: علی امین گنڈاپور



وزیرآباد (تحصیل رپورٹر) وزیراعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور کی لاہور آمد پر انصاف لائر فورم پاکستان کی ایک اہم میٹنگ منعقد کی گئی جس میں انہوں نے خصوصی طور پر شرکت کی، میٹنگ کے بعد وزیراعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور ڈپٹی پارلیمانی لیڈر قومی اسمبلی محمد احمد چٹھہ کی رہائش گاہ پہنچے جہاں آئی ای

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

خادم اعلیٰ سے چیف ایگزیکٹو افسر تک

وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے اوورسیز پاکستانیوں کے لیے متعدد سہولتوں کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ وہ بنفس نفیس پاکستان کو کثیر زرمبادلہ فراہم کرنے والے لوگوں کے مفادات کے محافظ ہوں گے۔ اسلام آباد میں اوورسیز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کیا کہ 'میں آپ کا سی ای او ہوں گا۔ میری کابینہ اور ملک کی بزنس کمیونٹی آپ لوگوں کی سرمایہ کاری کی حفاظت کرے گی'۔ اوورسیز کنونشن بیرونی ملکوں میں مقیم پاکستانیوں کی خدمات کا اقرار کرنے اور ان کی مشکلات کا جائزہ لینے کے لیے منعقد کیا گیا ہے۔ اس میں دیگر سرکاری عہدے داروں کے علاوہ وزیراعظم شہباز شریف اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے بھی شرکت کی۔ یوں تو اس کنونشن میں دنیا بھر کے تمام ممالک سے وہاں مقیم پاکستانیوں کے نمائندوں نے مندوبین کے طور پر شرکت کی لیکن یہ سمجھنا خاصا دشوار ہے کہ ان لوگوں کا انتخاب کیسے عمل میں آیا اور اس کنونشن میں شریک ہونے والے بارہ سو لوگ اپنے علاوہ کس بنیاد پر کس کی نمائندگی کر رہے تھے۔ تاہم وزیراعظم اور آرمی چیف نے بیرون ملک سے پاکستان کی خدمت کرنے والے لوگوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ شہباز شریف نے بتایا کہ صرف مارچ کے دوران ان پاکستانیوں نے 4 اعشاریہ 1 ارب ڈالر ترسیلات زر کی صورت میں پاکستان بھیجے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اندازہ ہے کہ سال رواں کے دوران بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی طرف سے آنے والا زرمبادلہ 38 ارب ڈالر تک پہنچ جائے گا۔ اس طرح یہ رقم ملکی برآمدات سے بھی زیادہ ہوگی۔ اگرچہ شہباز شریف یہ دعویٰ کرتے ہوئے درحقیقت بیرون ملک پاکستانیوں کے جذبہ حب الوطنی کی تعریف کرنا چاہتے تھے لیکن اسی بیان کو دوسرے رخ سے دیکھا جائے تو یہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی توصیف سے زیادہ حکومت کی ناکامی اور پاکستان کی ناقص کارکردگی کی تصویر بن جاتی ہے۔ پاکستان لگ بھگ پچیس کروڑ لوگوں کا ملک ہے۔ لیکن اس کی برآمدات بدستور 30 ارب ڈالر کے دائرے میں گھوم رہی ہیں۔ اب امریکہ نے درآمدات پر جو نئے محصول عائد کرنے کا اعلان کیا ہے، اس کے نتیجے میں پاکستان سے امریکہ تقریباً 6 ارب ڈالر کی برآمدات متاثر ہوسکتی ہیں۔ موجودہ حکومت کے ترجمان تو اس ناکامی میں بھی تحریک انصاف کے مختصر دور حکومت کی غلط پالیسیوں کو عذر کے طور پر پیش کریں گے لیکن حقائق کی روشنی میں دیکھا جائے تو پاکستان مجموعی طور سے ناقص طریقوں، تحقیق و جستجو سے گریز، نعروں کی بنیاد پر سیاسی فیصلوں اور نئے عہد میں عالمی منڈیوں کی ضرورت کے مطابق مصنوعات تیار کرنے میں ناکام رہا ہے۔ اس ناکامی کی ذمہ داری گزشتہ چالیس سال کے دوران فیصلہ سازی میں شریک سب عناصر پر عائد ہوتی ہے۔ اس ناکامی کی سب سے بڑی وجہ سہولتوں کی کمی اور نئے رجحانات کو کچلنے کا سرکاری طریقہ ہے۔ دیگر مصنوعات پیدا کرنے کے لیے پھر سرمایہ کاری اور دیگر ضروریات پوری کرنا ہوتی ہیں

لیکن آئی ٹی کا ایک ایسا شعبہ ہے جس میں نجی طور سے کام کرنے والے افراد اور کمپنیاں اپنے طور پر بیرون ملک منڈیاں تلاش کر کے ملکی برآمدات میں قابل قدر اضافہ کر سکتے ہیں۔ گزشتہ سال کے دوران ہمارے ہمسایہ ملک بھارت کی آئی ٹی برآمدات 200 ارب ڈالر تک پہنچ چکی تھیں جبکہ پاکستان کی آئی ٹی برآمدات محض 3، 2 ارب ڈالر تھیں۔ پاکستانی حکومت یہ سوچ کر مطمئن ہوجاتی ہے کہ یہ شرح 2023 کے مقابلے میں 24 فیصد زیادہ ہے لیکن یہ غور نہیں کیا جاتا کہ اس شعبہ میں دنیا بھر میں کیسے مواقع موجود تھے لیکن پاکستانی کمپنیاں بوجوہ ان سے فائدہ اٹھانے میں کامیاب نہیں ہوئیں۔ ان میں سرفہرست انٹرنیٹ کی سہولت میں مسلسل رخنہ ڈالنے اور مختلف عالمی ایپس کو ممنوع قرار دینے کا طریقہ ہے۔ شہباز شریف کی حکومت نے گزشتہ سال فروری میں اقتدار سنبھالنے کے بعد سے سوشل میڈیا کو کنٹرول کرنے اور ریاست و فوج کے خلاف پروپیگنڈا روکنے کے نام پر متعدد پابندیاں عائد کیں۔ ان میں انٹرنیٹ کی رفتار کم کرنا، متعدد علاقوں میں وقتاً فوقتاً انٹرنیٹ کی سہولت معطل کرنے کے علاوہ 'ایکس' جیسے ایپ پر پابندی عائد کرنے پر اصرار شامل ہے۔ دلچسپ حقیقت یہ بھی ہے کہ وزیراعظم سمیت تمام حکومتی عہدیدار 'ایکس' ہی کے ذریعے ضروری پیغامات عام کرتے ہیں لیکن عدالتوں کو بتایا جاتا ہے کہ یہ ایپ ملکی سلامتی اور قومی مفاد کے لیے ضرر رساں ہے۔ اسی قسم کے حیران کن فیصلوں کی وجہ سے پاکستان کا آئی ٹی شعبہ مناسب کارکردگی دکھانے اور ملکی برآمدات میں اضافہ میں حصہ ڈالنے میں کامیاب نہیں ہوا۔ حالانکہ اگر حکومت اس شعبہ کو آزادی سے کام کرنے دے اور صرف بنیاد تکنیکی سہولتوں کو رکوانے کی کوششیں ترک کردے تو یہ شعبہ دن دونی رات چوگنی ترقی کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ وزیراعظم نے اوورسیز پاکستانیوں کے کنونشن کو بتایا کہ دنیا کے 160 ممالک میں ایک کروڑ پاکستانی کام کر رہے ہیں اور ان ہی کی فراہم کی ہوئی

سفرنامہ ننکانہ صاحب برائے بھیل انٹرنیشنل ادبی میلہ 2025ء

تحریر: عاصم نواز طاہر خیلی (غازی رہری پور)

گزشتہ دس سال سے ننکانہ صاحب میں زاہد اقبال بھیل صاحب ادبی میلے سجا رہے ہیں جن میں پاکستان بھر سے سیکڑوں ادبا و شعراء کو اعزازت سے نوازا جاتا ہے۔ میں نے بھی اس بار اپنی دو کتب "نقطہء نظر اور باباجی سلم کھنڈی" بزم مصنیف ہزارہ کے جھنڈے تلے اس ادبی میلے میں بھیجی تھیں جو گولڈ میڈلز و اسناد کے لیے نامزد ہوئیں۔

13 اپریل 2025 بمقام ڈسٹرکٹ بار کونسل ننکانہ صاحب میڈلز و ایوارڈز کی تقسیم ٹھہری۔ زاہد اقبال بھیل صاحب کی طرف سے تقریباً ایک ماہ پہلے دعوت نامہ ملا۔ سفر بہت لمبا مگر میڈلز سے مزین تھا اس لیے ہمت نہ ہوتے ہوئے بھی میرے سمیت بزم مصنفین ہزارہ کے دیگر ارکان نے بھی صدر عظیم ناشاد اعوان کی رہنمائی میں ارادہ باندھ لیا۔ سب یہی چاہتے تھے کہ کوئی گاڑی بک کر کے پہنچا جائے تاکہ سفر کی کچھ تکلیف کم ہو۔ کچھ وجوہات کے باعث عین آخری وقت پر گاڑی کی بکنگ والا ارادہ منسوخ ہوکر نہ چاہتے ہوئے بھی پیر ودھائی اڈہ راولپنڈی سے بزریعہ بس جانا پڑا۔

المختصر سب اپنے اپنے علاقوں سے دوتا پانچ گھنٹوں کے سفر کر کے بمقام واہ ایک دوست کے پاس شام چھ بجے اکٹھے ہوئے۔ پھر یہاں سے فون کر کے سیٹیں بک کی گئیں۔ یہ جان کر تھکن مزید بڑھ گئی کہ گاڑی رات بارہ بجے سفر کیلیے نکلے گی۔ شام چھ سے رات بارہ بجے تک جو انتظار کرنا پڑا اس کی کوفت بیان سے باہر ہے۔ بحرحال رات بارہ بجے سے صبح پانچ بجے کا یہ آرام سفر جس میں گزرے پورے دن کا انتظار بھی شامل تھا کا اختتام نانکانہ صاحب پر ہوا۔ آگے زاہد اقبال بھیل صاحب نے سب کا استقبال کرتے ہوئے اپنے گھر پہنچایا اور صبح بہترین ناشتہ دیا۔ ادبی میلہ کے آغاز کیلیے دن بارہ بجے تک کا انتظار کرنا پڑا کیونکہ پورے پاکستان سے مہمانان کے پہنچنے کا انتظار تھا۔ خدا خدا کر کے پروگرام کا آغاز ہوا۔ حقیقت یہ ہے کہ سالانہ بھیل انٹرنیشنل ادبی میلہ بڑے ذوق وشوق سے سجایا گیا۔ ملک بھر سے سیکڑوں مصنفین، مصنفات، مؤلفین، مؤلفات، مؤرخین، شعرا، شاعرات اورادبا نے بھرپور شرکت کی۔

اس ادبی تقریب کے میزبان بھیل انٹرنیشنل ادبی سنگت کے چیئرمین زاہد اقبال بھیل جبکہ سرپرست پروفیسر سید شبیر حسین زاہد اور علامہ صادق علی زاہد تھے۔ اس پروگرام کا انتظام محمد زین زاہد اوران کی ٹیم نے سنبھالا اور نظامت زاہد اقبال بھیل، رائے عابد حسین کھرل اور عثیل شافی نے انجام دی۔

پروفیسر ڈاکٹر خورشید احمد قادری، پروفیسر ڈاکٹر افتخار احمد سلہری، ڈاکٹر ہارون الرشید تبسم، ڈاکٹر محمد مشرف حسین انجم اور چند دیگر شخصیات نے پروگرام کی صدارت سنبھالی جبکہ مہمانانِ خصوصی میں بزمِ مصنفین ہزارہ کے چیئرمین محمد ریاض ملک، صدر ملک عظیم ناشاد اعوان، مجھ یعنی جنرل سیکرٹری ہری پور عاصم نواز طاہر خیلی کے علاوہ عبدالوحید بسمل، ابو عبداللہ عارف علوی، ڈاکٹر حفیظ احمد، سعدیہ ہما شیخ اور دیگر شامل تھے۔ بزمِ مصنفین ہزارہ کے ارکان میں سے محمد ریاض ملک، عظیم ناشاد اعوان، مجھے، ڈاکٹر پروین سیف، ڈاکٹر راحیلہ خورشید، پروفیسر سعدیہ حلیمہ منگلوری، پروفیسر ملک ناصر داؤد، عبدالوحید بسمل، عبدالرحیم بھٹی، ابوعبداللہ عارف علوی، سید ظفر علی شاہ، مولانا طاہر تنولی، سمندر خان سمندر، مفتی عنایت الرحمن ہزاروی، ملک جمشید، حافظ سجاد قاسمی، رشید علوی، محمد خالد اور قاضی بخت یار کو گولڈ میڈلز اور اسناد سے نوازا گیا۔ چند ارکان کو بیسٹ رائیٹرز اور دیگر خصوصی ایوارڈز بھی دیے گئے۔ چونکہ زاہد اقبال بھیل صاحب کو بار بار درخواست کیے جانے کے باوجود ان کی طرف سے تاہنوز دیگر ایوارڈیافتگان کی تفصیل مہیا نہیں کی گئی اس لیے اس تقریب کا زکر باسی ہونے کی احتیاط سے محدود معلومات پر ہی انحصار کرتا ہوں۔ المختصر انتظامیہ کی طرف سے مہمانوں کے لیے طعام و قیام کے وسیع تر انتظامات کیے گئے تھے۔ جس پر میں عاصم نواز طاہر خیلی اور بزم مصنفین ہزارہ کے دیگر تمام ارکان زاہد اقبال بھیل کے انتظامی امور اور ادبی خدمات کو سراہتے ہوئے داد تحسین پیش کرتے ہیں۔

پروگرام ابھی جاری ہی تھا کہ شام تقریباً چھ بجے ہماری بزم نے زاہد اقبال بھیل صاحب سے رخصت لی کیونکہ ہمارا پروگرام سفر کی مشکلات کم کرنے کیلیے لاہور سے ڈائریکٹ منسہرہ کی بس میں بیٹھنا تھا جو ہمیں اپنے اپنے مقامات پر اتارتی۔ ننکانہ صاحب سے لاہور اور پھر لاہور سے رات بارہ بجے تک کا وقت گزارنا بھی اک ازیت تھا۔ بحرحال موقع کو غنیمت جانتے ہوئے داتا دربار، مینار پاکستان، اردو بازار، شاہی قلعہ وغیرہ گھومے۔ مولانا طاہر تنولی کے اک دوست نے ہمارے طعام کا خوبصورت بندوبست کیا اور پھر کسی نا کسی طرح وقت گزار کر ہم رات بارہ بجے بس پر جانب منزل رواں ہوئے۔ سخت تھکن اور دو جگ راتے کاٹنے کے بعد صبح سوا چار بجے میں برہان کے مقام پر اترا۔

ابھی رات کی سیاہی اور سنسانی باقی تھی۔ میں روڈ پر تھکن سے چور پتہ نہیں کتنی دیر چلتا رہا کہ اک ہوٹل پر نظر پڑی۔ وہاں چائے پی اور تین گھنٹے پڑا رہا۔ پھر ساڑھے سات بجے روڈ ناپنا شروع کیا لیکن نہ کوئی رکشہ آرہا تھا اور نہ غازی کی گاڑی۔ کافی دیر بعد پہلے اک رکشہ نصیب ہوا جس نے حسن ابدال تک اور پھر وہاں سے پنڈی تا ٹوپی گاڑی ملی جس میں مجھے ٹھونس دیا گیا۔ تھکن سے چور بدن کے ساتھ نو بجے کے قریب گھر پہنچا۔ آج تیسرا دن ہے مگر تھکن اترنے کا نام ہی نہیں لے رہی۔ اگر اس سفر سے گولڈ میڈلز اور اسناد نکال دی جائیں تو یہ ایک انتہائی بھیانک یاد بنتی ہے جو صرف اک دوست کی نادانی کے سبب ہمارے حصے میں آئی۔ لازم ہے کہ ایسا سفر ذاتی گاڑی یا بکنگ کے ساتھ کیا جائے تاکہ گھنٹوں گاڑی کے انتظار اور گاڑیاں بدلنے کی کوفت سے چھٹکارا ملے۔

آخر میں یہی کہوں گا کہ اگر عظیم ناشاد اعوان، مولانا طاہر تنولی، ظفر علی شاہ اور عبد الرحیم بھٹی جیسے ساتھی میسر نہ ہوتے تو یہ سفر کبھی یادگار نہ بنتا۔ یہ وہ ہستیاں تھیں کہ جن کی بدولت سفر کی صعوبتیں آسان ہوئیں اور میڈلز واسناد کی خوشی دوبالا ہوئی۔



نہری نظام کی نوآبادیاتی جڑیں

تحریر: ڈاکٹر اصغر دشتی

پاکستان میں سندھو دریا پر کینالز کی تعمیر کا معاملہ، سیلاب سے گاؤ?ں دیہات کا اجڑنا، سمندر کا زمین کو نگلنا، سطح سمندر کی بلندی، خشک سالی، انڈس ڈیلٹا کی تباہی، پانی پر ہونے والی سیاست اور دیگر ماحولیاتی تباہی و وہ بربادی کے نوآبادیاتی پس منظر اور منصوبوں کو سمجھنا اس لیے ضروری ہے کہ یہ منصوبے کس لیے تشکیل دیے جاتے ہیں اور یہ کن قوتوں کے مفادات کو پورا کرتے ہیں۔

پاکستان میں اکثر سیلاب گاؤ?ں کے گاؤ?ں تباہ و برباد کر دیتے ہیں جس سے مقامی آبادی اپنے گھروں سے بے دخل ہوکر شدید غربت، محتاجی اور مہاجرین کی زندگی گزارنے پر مجبور ہو جاتی ہے۔ یہ تباہی محض قدرتی آفات کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ اس کے پیچھے وہ سامراجی حکمت عملی بھی ہے جو برطانوی نوآبادیاتی دور میں اپنائی گئی تھی۔

عالمی ماحولیاتی بحران اور موسمیاتی تبدیلیوں کے علاوہ پاکستان میں آج جو تباہی اور بربادی سیلاب کی صورت میں سامنے آتی ہے اس میں برطانوی نوآبادیاتی حکومت کی پالیسیوں کا ایک اہم کردار ہے۔

نو آبادیاتی حکومت نے مقامی جاگیرداروں اور قبائلی سرداروں کے ساتھ اتحاد قائم کرنے اور ان کی وفاداری حاصل کرنے کے بدلے میں نہری نظام، بیراجوں کی تعمیر اور آبی ڈھانچوں کے ذریعے قدرتی آبی وسائل کا استحصال کیا۔ ان آبی ڈھانچوں کا مقصد صرف انگریز سرکار کی زمینوں کی آبادکاری اور جاگیرداروں کو مفادات کو تقویت دینا تھا نہ کہ عوام کو فائدہ پہنچانا تھا۔ دریاؤ?ں کے قدرتی بہاؤ? کو روک کر اور ان کے راستوں کو بدل کر برطانوی سامراج نے مقامی عوام کو ان کے ہی قدرتی وسائل سے محروم کیا اور ان زمینوں کو وفادار جاگیرداروں اور سرداروں کے درمیان تقسیم کر کے عوام کو تباہی و بربادی کے دہانے پر پہنچا دیا۔

برطانوی سامراج نے اپنے مفادات کی تکمیل کے لیے دریاؤ?ں اور ان کے اردگرد کی زمینوں کو وفادار جاگیرداروں میں تقسیم کیا اور مقامی عوام کو سیلاب جیسی قدرتی آفات کا شکار بنایا۔

پاکستان میں انگریزوں کے جس نہری نظام کی تعریف کی جاتی ہے تو اس حوالے سے یہ بات واضح رہے کہ انگریزوں نے پنجاب میں اس وقت تک کوئی نہر نہیں کھودی جب تک کہ اس کا منافع بخش ہونا پہلے سے ثابت نہ ہو چکا ہو۔ نہری نظام کے بعض منصوبے شروع کے ہی سال میں 40 فیصد منافع دینے لگے اور صرف دو تین سال کے اندر ہی اپنی لاگت پوری کر لی۔ یہ تمام منافع مقامی کسانوں سے مالیہ اور آبیانہ کے ذریعے وصول کیا جاتا تھا، جو برطانوی سامراجی لالچ کا واضح مظہر تھا۔

آج تک پاکستان کے غریب عوام ان نوآبادیاتی سامراجی پالیسیوں اور وراثتوں کا خمیازہ بھگت رہے ہیں۔ شوزیب رضا اپنے مضمون The Origins of Pakistan's Floods (Red Pepper) میں نشاندہی کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ایسٹ انڈیا کمپنی نے 1849 میں پنجاب پر قبضہ کرنے کے بعد بلوچ ڈیرہ جات کے علاقے ڈیرہ غازی خان کو پنجاب میں ضم کر دیا اور اس رہن سہن، طرز زندگی، رہائش اور بود و باش کے قدرتی نظام کو مسمار کر دیا جو بلوچ اور دیگر خانہ بدوش قبائل نے صدیوں سے ڈیرہ غازی خان کی سیلابی زمینوں پر قائم کیا تھا۔ ان قبائل کی موسمی نقل مکانی، عارضی رہائش اور خود انحصاریت ایسٹ انڈیا کمپنی کے سامراجی مفادات کے لیے ایک بڑا چیلنج بن گئی تھی کیونکہ یہ نظام ان کے منافع کی راہ میں رکاوٹ تھا۔ اسی لیے کمپنی نے مقامی سرداروں (جنہیں بعد میں زرعی زمینوں کے ذریعے جاگیردار بنایا گیا) کے ساتھ مل کر سندھ طاس میں مستقل آبادکاری (لوگوں کی مستقل رہائش) کا نظام مسلط کیا تاکہ زمین کی آمدنی اور نقد فصلوں سے منافع کمایا جا سکے۔ اس نظام نے سیلاب کو صرف ایک قدرتی آفت نہیں بلکہ ان لوگوں کے لیے ایک مستقل عذاب بنا دیا جنہیں زمینوں پر کھیت مزدوری اور مستقل رہائش پر مجبور کیا گیا حالانکہ ان کے پاس سیلاب سے بچنے کا کوئی راستہ نہیں تھا۔ 1857 میں ڈیرہ غازی خان میں سیلاب نے پورے گاؤ?ں، مویشیوں اور فصلوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا۔ یہ تباہی دراصل کمپنی کی نو آبادیاتی پالیسیوں کا نتیجہ تھی جنہوں نے مقامی عوام کو اپنی سرزمین سے بے دخل کیا اور آج تک ان پر تباہی کے یہ اثرات جاری ہیں۔ بعد میں آنے والے سالوں میں جب یہ بند ٹوٹے تو اس کے نتیجے میں نہ صرف مقامی افراد سیلاب کی زد میں آئے بلکہ ڈیرہ غازی خان شہر مکمل تباہ و برباد ہوگیا۔

جب سیلاب نے مستقل آبادیوں کو خطرے سے دوچار کیا تو نوآبادیاتی منافع بھی خطرہ پر لگ گیا۔ اس بحران کے پیش نظر برطانوی حکومت نے ڈیرہ غازی خان کے علاقے میں دریائے سندھ پر بند باندھنے کا فیصلہ کیا۔ یہ اقدام اس لیے اٹھایا گیا تاکہ نہ صرف سیلاب کے اثرات کو کم کیا جا سکے، بلکہ مقامی زمینوں سے حاصل ہونے والی آمدنی اور نقد فصلوں کے ذریعے ہونے والے منافع کو بھی محفوظ رکھا جا سکے۔ برطانوی سامراجی مفادات کے تحت بنائے گئے ان بندوں کی تعمیر کے دوران مقامی علم و دانش کو مکمل طور پر نظر انداز کیا گیا۔ ان بندوں نے نہ صرف مقامی زمینوں کی قدرتی آبی ضروریات کو نظر انداز کیا بلکہ سیلاب کے اثرات اور تباہ کاریوں کو مزید بڑھا دیا۔ ان بندوں کی تعمیر نے دریائے سندھ کی قدرتی صلاحیت کو برباد کر دیا جو قدرتی طور پر اپنی سطح بلند کر کے سیلاب کو روکنے کا کام کرتا تھا۔ بندوں کی تعمیر نے دریا کے قریب مٹی کو نیچے کی طرف دھکیل دیا جس سے مقامی لوگوں کی صدیوں پرانی زرعی زمین اور ان کی معیشت تباہ ہوگئی۔ یہ بند ایک سامراجی چال تھے جس کا مقصد مقامی عوام کے قدرتی طریقہ زندگی کو تباہ کرنا تھا

پاکستانی طالب علموں

امریکہ نے پاکستانی طالب علموں کے لیے دروازے بند، چین نے کھول دیئے، چین میں پاکستانی طالب علموں کی تعداد میں اضافہ ہوگیا، چین میں زیر تعلیم پاکستانی طلبا کی تعداد 28,023 سے زائد ہوگئی، گزشتہ سال 196 ممالک سے تعلق رکھنے والے 4 لاکھ 92 ہزار 185 بین الاقوامی طالب علموں نے چین میں تعلیم حاصل کی، چینی یونیورسٹیوں میں داخلہ لینے والے تمام طلباء میں سے تقریباً 7؍34 اسکالرشپ پر تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق قومی سلامتی کا بہانہ بنا کر امریکی یونیورسٹیوں نیسکڑوں پاکستانی طالب علموں کیلئے داخلے بند کر دیئے جس کے نتیجے میں چین پاکستانی اور بین الاقوامی طالب علموں کے لیے مکمل طور پر کھلا ہے جو انہیں مستحکم، ہموار اور عالمی معیار کی معلومات فراہم کر رہے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق امریکہ کے برعکس پاکستان کے اس وقت چین میں تعلیم حاصل کرنے والے بین الاقوامی طالب علموں کی تعداد میں 28023 سے زائد طلباء کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ گزشتہ سال 196 ممالک سے تعلق رکھنے والے 4 لاکھ 92 ہزار 185 بین الاقوامی طالب علموں نے چین میں تعلیم حاصل کی جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 0.62 فیصد زیادہ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق سرکاری اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ چین پاکستانی طالب علموں کے لئے اعلیٰ تعلیمی مقام بن گیا ہے کیونکہ چینی یونیورسٹیوں میں داخلہ لینے والے تمام طلباء میں سے تقریباً 7؍34 اسکالرشپ پر تعلیم حاصل کررہے ہیں۔

چین میں پاکستانی طالب علموں کی



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

تعداد میں اضافہ ہوا ہے جس کی بنیادی وجہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کے پائلٹ پروجیکٹ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے آغاز کے بعد چینی حکومت کی جانب سے پیش کردہ ترجیحی پالیسیوں کا سلسلہ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق اس وقت چین بھر میں 6 ہزار 156 پاکستانی طالب علم پی ایچ ڈی، 3 ہزار 600 ماسٹرز، 11 ہزار 100 بیچلرز اور 3 ہزار شارٹ ٹرم ایکسچینج پروگرامز میں زیر تعلیم ہیں۔ پاکستانی طالب علم چینی زبان، انجینئرنگ، میڈیکل، کمپیوٹر سائنس اور دیگر مختلف شعبوں میں بھی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ بین الاقوامی طالب علموں کو راغب کرنے کے لئے چینی حکومت کی طرف سے مختلف اسکالرشپس فراہم کی جاتی ہیں۔ خاص طور پر، بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو میں حصہ لینے والے ممالک اور خطوں کے طلباء کو چینی حکومت کے اسکالرشپ۔ سلک روڈ پروگرام کے تحت اسکالرشپ حاصل کرنے میں سہولت فراہم کی گئی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق چین نے تعلیمی سال 2025-26ء کیلئے آزاد جموں وکشمیر سمیت پاکستانی طلباء کے لئے اسکالرشپ پروگرام بھی شروع کیا ہے۔ یہ اسکالرشپس انڈر گریجویٹ، ماسٹرز اور ڈاکٹریٹ پروگراموں کے ساتھ ساتھ چینی یونیورسٹیوں میں تحقیق کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ دنیا بھر میں دوستوں یا دشمنوں سے قطع نظر اپنے انتہائی خطرناک اور خطرناک اقدامات کی وجہ سے ہمیشہ بدنام رہی ہے۔ اب بین الاقوامی طالب علموں کے لئے تعلیمی اسپیکٹرم میں سٹرن شروع ہوگئی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی جانب سے طالب علموں کے ویزے کے نفاذ میں تیزی لانے کے بعد حالیہ ہفتوں کے دوران پاکستانی طالب علموں سمیت 500 سے زائد بین الاقوامی طالب علموں کے امریکی ویزے منسوخ کیے جاچکے ہیں۔

فیصل آباد میں عشق آباد

تحریر۔۔اکرام شاہ

فیصل آباد میں عشق آباد کرنے کا سہرا عدنان بیگ' آصف چوہدری اور عباس تابش کے سر جاتا ہے عباس تابش عرصہ تین سال سے عشق آباد کے بیٹھے ہیں معذرت کیساتھ تابش نے عشق اس وقت آباد کیا جبکہ ان کی عمر قبروں کے کتبے دیکھنے کی تھی' اللہ تعالیٰ عباس تابش کو عمر خضر عطا فرمائے۔ عشق آباد کا کارنامہ 2022ء سے تابش سرانجام دے رہے ہیں عشق آباد لیٹریٹری فیسٹیول فیصل آباد میں ممکن نہ ہوتا اگر ڈی جی آصف چوہدری کی دلچسپی نہ ہوتی آصف چوہدری بھی چھپے رستم نکلے روایتی طریقے سے عشق آباد کرنے کے خواہاں تھے مگر شرارتی آنکھوں والے عدنان نے ان کو نمایاں کر دیا آرٹیکل میں تاخیر کی وجہ آنکھ میں موتیا اترآیا جس کا فوری آپریشن کروانا پڑا ڈاکٹروں نے قلم اٹھانے اور چلانے پر قدغن لگائی تھی ابھی بھی پابندی ہے مگر عشق کے ہاتھوں مجبور ہوں چلو اب اپنے موضوع کی طرف آتے ہیں آصف چوہدری جتنے بڑے بیوروکریٹ ہیں اتنے ہی بڑے کتب کے عاشق نکلے حسب روایت مقررہ وقت پر نصرت فتح علی خاں آڈیٹوریم آرٹ کونسل فیصل آباد پہنچا تو ہال بھاں بھاں کر رہا تھا چند افراد کرسیوں پر براجمان تھے ایف ڈی اے شعبہ اطلاعات ونشریات کے آفیسر ملک سبحان علی سے ملاقات ہوگئی ان سے چوہدری آصف کا موبائل نمبر حاصل کیا ہال سے باہر آگیا ابھی مین گیٹ پر نہیں پہنچا تھا تو عشق آباد کے دوزندہ کردار عباس تابش اور عدنان بیگ سے ملاقات ہوگئی عدنان نے عباس تابش سے میرا تعارف کروایا عشق آباد کی افتتاحی تقریب بھی حسب روایت تاخیر کا شکار ہوئی تقریب ساڑھے چار بجے شروع ہوئی افتتاحی تقریب میں تہذیب وثقافت پر بہت خوبصورت مکالمہ مرشد' سکالر سادات خاندان کے چشم وچراغ اصغر ندیم سید نے پیش کیا صدارتی خطبہ عشق آباد کے صدر ڈی جی فیصل آباد ترقیاتی ادارہ آصف چوہدری نے ارشاد کیا انہوں نے فیسٹیول کے اغراض ومقاصد بیان کئے عشق آباد تنظیم ہماری تہذیب وثقافت کی محافظ تنظیم ہے صدارتی خطبہ میں عاشق کے سرگرداں کے آثار نمایاں تھے تقریب میں بیوروکریسی کا ٹچ کم اور درویشی رنگ نمایاں تھا دوسرا پروگرام عدنان بیگ کے گرد گھومتا ہے عدنان بیگ کے رنگوں نے انقلابی ہیر وبھگت سنگھ کا خوبصورت پوٹریٹ اور ڈاکومنٹری فلم بنائی ہے۔ خدا تعالیٰ نے عدنان کو بے شمار خوبیوں سے نوازا ہے بلکہ ہمہ جہت شخصیت کے مالک ہیں اب عدنان بیگ میں مجھے سابق وزیراعلیٰ پنجاب حنیف رامے کی جھلک نمایاں نظر آتی ہے اب تو عدنان فلم ساز بھی بن گئے بلکہ یقینی طور پر ان کی فلم آسکر ایوارڈ بھی حاصل کریگی عدنان میں شہر کا روایتی صنعتکار بھی نظر آتا ہے شاعری میں عدنان کے کلام میں کئی رنگ نمایاں نظر آتے ہیں تیسرا پروگرام صوفیہ بیدار نے پنجابی زباں پر پیش کیا فوک گلوکار نذر عباس نے انجم سلیمی کی بولیوں کو لحن داؤدی میں پیش کیا چوتھا پروگرام ڈنکیل کے دور میں ہماری وراثت کا مستقبل پراصغر ندیم سید نے اسیر حاصل گفتگو کی۔ پانچواں پروگرام بیت بازی پر تھا چھٹا پروگرام میں صدا کار' ادا کار عدیل ہاشمی نے خوبصورت مضمون پیش کر کے ضیاء محی الدین کی یاد تازہ کردی عشق آباد کا آخری پروگرام مشاعرہ تھا مشاعرے کی صدارت افتخار عارف جبکہ مہمان گرامی پروفیسر ریاض مجید تھے اس مشاعرے کی سب سے خوبصورت بات یہ تھی کہ مقامی شعراء نے کثیر تعداد میں شرکت کی بلکہ کلام بھی پیش کیا نظامت کے فرائض عدنان بیگ اور رحمان فارس نے ادا کئے مقامی شاعروں میں لٹنی آرائیں' نرگس رحمت' رخسانہ سحر' گلفام نقوی' مقبل بخاری' آصف مجید' عمیر مشتاق' کفیل رانا' ارشد محمود' ڈاکٹر وقار' نادر حسین نادر' عاطف یاسر' سرور خان سرور' کامران رشید' بشریٰ ناز صاحبہ' کوثر علی گوثر' فیاض ملک اور شہزاد بیگ نے اپنا اپنا کلام پیش کیا مہمان شاعروں میں رحمان فارس' صائمہ آفتاب' شکیل جاذب' مبشر سعید' صوفیہ بیدار' ذاکر حسین' شوکت فہمی' انجم سلیمی' عدنان بیگ' قمر رضا شہزاد' حماد غزنوی' عباس تابش' نصرت صدیقی' ریاض مجید' افتخار عارف نے کلام پیش کیا عشق آباد کرنے میں سامعین کی کثیر تعداد بھی ہال میں موجود رہی ننکانہ صاحب سے آئے ہوئے مہمان شاعر ذاکر حسین ذاکر نے اپنی کلیات افتخار عارف اور عباس تابش کو پیش کی۔

بائیکاٹ۔ پروپیگنڈا یا حقیقت

تحریر: سعدریحان

یہ غلط فہمی عام ہے کہ اسرائیل میں جو کمپنیز کاروبار کرتی ہیں یا وہاں کی صورتحال کے مطابق پالیسیز بناتی ہیں وہ اسرائیلی ہیں۔ جب کہ حقیقت میں پیپسی، کوک، کے ایف سی، میکڈونلڈ، نیسلے اور یونی لیور وغیرہ کا دور دور تک اسرائیل سے کوئی واسطہ نہیں اور نہ ہی یہ ثابت کیا جاسکتا ہے کہ ان ملٹائی نیشنلز کے پیچھے یہودی ہیں۔

کمپنیز دنیا کے تقریباً تمام ہی ممالک میں وہاں کی صورتحال کے مطابق کاروبار کرتی ہیں۔ ان کا کوئی مذہب نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ کسی خاص ملک کی دوست یا دشمن ہوتی ہیں بلکہ ان کی وفادار ہو کر صرف انہی کے مفاد میں کام کرتی ہیں۔ یہ جنگی ماحول میں بھی اپنا کاروباری مشن جاری رکھتی ہیں اور اس ملک کی اقتصادی و معاشرتی صورتحال کو سپورٹ کرتی ہیں۔ یہ ملٹائی نیشنل ادارے اپنے مقامی پارٹنرز بناتے ہیں۔ اگر کسی بھی ملک میں ان کا کاروبار زور زبردستی بند کر بھی دیا جائے تو اصل نقصان اس ملک کو ہی پہنچتا ہے۔

ان تمام حقیقتوں کے باوجود پاکستان کے عوام اگر اس پر مصر رہتے ہیں کہ ان کا بائیکاٹ کیا جائے تو اس دائرہ کار کو کافی وسیع کرنا پڑے گا۔ مثلاً گوگل اور فیس بک کے بانی یہودی ہیں۔ بل گیٹس اور ایلون مسک اسرائیل کو مختلف مواقع پر سپورٹ کرتے رہے ہیں۔ ایپل کے بانی اسٹیو جابز کے بائیولوجیکل باپ اگرچہ مسلمان ہیں لیکن وہ بھی اسرائیل کو کہیں نہ کہیں سپورٹ کرتا رہا





ظہیر خان اور بالی ووڈ اداکارہ ساگاریکا کے ہاں ننھے مہمان کی آمد

انسٹاگرام اکاؤنٹ پر تصویر شیئر، ساگاریکا اور ظہیر اپنے نومولود بیٹے کا ہاتھ پکڑے نظر آرہے ہیں



نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کرکٹر ظہیر خان اور بالی ووڈ اداکارہ ساگاریکا گھاٹگے والدین بن گئے، بالی ووڈ اداکارہ نے یہ خبر سوشل میڈیا پر شیئر کی۔ فلم چک دے انڈیا کی اداکارہ ساگاریکا نے ایک پیارے سے بیٹے کو جنم دیا ہے، بالی ووڈ اداکارہ اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر ایک تصویر شیئر کی ہے جس میں بچے کی پہلی جھلک دکھائی دے رہی ہے، ساگاریکا اور ظہیر بھی اپنے بیٹے کے ساتھ موجود ہیں۔ جوڑے کا بیٹا ظہیر خان کی گود میں ہے، تصویر میں دونوں کے چہروں خوشی سے چمک رہے تھے دوسری تصویر اور بھی خاص ہے، جس میں ساگاریکا اور ظہیر اپنے نومولود بیٹے کا ہاتھ پکڑے نظر آرہے ہیں۔ اداکارہ ساگاریکا اور ظہیر نے اپنے نومولود بیٹے کا نام فتح تسنحہ خان رکھا ہے

حارث رؤف نے اپنی سب سے قیمتی ٹرافی شیئر کردی

''سب سے قیمتی ٹرافی لے کر جارہا ہوں'' نومولود بیٹے کو تھامے ہوئے ایک خوبصورت تصویر شیئر



کراچی (این این آئی) حارث رؤف نے اپنی سب سے قیمتی ٹرافی کے ساتھ دل موہ لینے والی تصویر شیئر کر دی۔ اولاد کی خوشی والدین کے لیے دنیا کی سب سے بڑی نعمت و ایوارڈ ہوتی ہے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے تیز رفتار بالر حارث رؤف نے بھی اپنی یہی خوشی مداحوں کے ساتھ بانٹی ہے، جب انہوں نے انسٹاگرام پر اپنے نومولود بیٹے کو تھامے ہوئے ایک خوبصورت تصویر شیئر کی ہے۔ اپنی پوسٹ کے کیپشن میں حارث رؤف نے محبت بھرا جملہ لکھا ہے کہ اپنی سب سے قیمتی ٹرافی لے کر جارہا ہوں۔ مداحوں نے اس تصویر پر بھرپور محبت کا اظہار کیا ہے اور اس پر کیے گئے تقریباً ہر تبصرے پر ماشاء اللہ کہا گیا ہے۔ یاد رہے کہ بیٹے کی پیدائش پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے حارث رؤف نے ایک خوبصورت عربی نظم کا حوالہ دیا تھا

ادا کارہ کیٹ بلانچیٹ کا اداکاری کو خیر باد کہنے کا اعلان

اداکاری کو چھوڑنے کیلئے سنجیدہ ہوں، ایسی بہت سی چیزیں ہیں جو میں زندگی میں کرنا چاہتی ہوں



نیویارک (این این آئی) ہالی وڈ کی معروف اداکارہ کیٹ بلانچیٹ نے کہا ہے کہ انہوں نے زندگی میں دیگر چیزوں کے لیے اداکاری کو خیر باد کہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران انہوں نے عندیہ دیا کہ وہ خود کو اداکارہ کہنے سے ہچکچاتی ہیں کیونکہ میں نے اداکاری کو خیر باد کہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں جب بھی ایسا کہتی ہوں تو ہر بار میرے گھر والے اپنی آنکھیں گھماتے ہیں، ان کی حالیہ فلم بلیک بیگ مارچ 2025 میں ریلیز ہوئی تھی۔ اپنے کیریئر میں وہ 2 آسکر ایوارڈز جیت چکی ہیں۔ 2024 میں فلم بلیو جیسمین میں کام کرنے پر انہیں بہترین اداکارہ جبکہ 2005 میں دی ایویٹر کے لیے بہترین معاون اداکارہ کا آسکر ایوارڈ دیا گیا تھا۔ حال ہی میں انہوں نے اپنی نئی فلم فادر، مدر، سسٹر، برادر کی شوٹنگ مکمل کی ہے جو 2025 میں کسی وقت ریلیز کی جائے گی۔ اسی طرح وہ کئی دیگر فلموں میں بھی کام کررہی ہیں۔ اداکاری کے لیے بہت زیادہ متحرک ہونے کے باوجود کیٹ بلانچیٹ نے انٹرویو کے دوران کہا کہ وہ ایک معروف اداکارہ کی پوزیشن پر اطمینان محسوس نہیں کرتیں۔

بڑی اولاد ہونے کا بوجھ زیادہ ہوتا ہے، سونیا حسین

سب کی زندگی میں آزمائش ہوتی، کوئی اولاد، کوئی دولت، تو کوئی رشتوں سے آزمایا جارہا ہوتا ہے



کراچی (این این آئی) پاکستانی ٹی وی اور فلم انڈسٹری میں اپنا نام بنانے والی اداکارہ سونیا حسین نے اپنے گھریلو زندگی سے متعلق ایک نیا انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ سونیا حسین نے ایک انٹرویو میں ذاتی زندگی کے حوالے سے بتایا کہ سب کی زندگی میں کچھ نا کچھ آزمائش ہوتی ہے، کوئی اولاد سے کوئی دولت سے تو کوئی رشتوں سے آزمایا جارہا ہوتا ہے، زندگی صرف انسٹاگرام پر ہی اچھی لگ رہی ہوتی ہے، ایسا نہیں ہے صرف میری زندگی میں ہی مشکلات آئی ہیں، یہ اس لیے ہوتا ہے تاکہ ہم حالات میں ڈھل سکیں۔ اداکارہ نے کہا کہ مجھے کبھی بھی زیادہ پیسوں یا کامیابی کا شوق نہیں تھا، جو چیز مجھے توڑ سکتی تھی وہ جذبات تھے۔ سونیا نے لوگوں کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ معاف کرنا بہت مشکل کام ہوتا ہے

تمام لیگز اپنی اپنی انفرادی حیثیت میں پروفیشنل ہیں، کرس جارڈن

اسلام آباد (این این آئی) ملتان سلطانز کے کھلاڑی کرس جارڈن نے کہا ہے کہ تمام ٹی 20 لیگز اپنی اپنی انفرادی حیثیت میں پروفیشنل لیگز ہیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کرس جارڈن نے کہا ہے کہ پاکستان سپر لیگ میں کھانا ذائقہ دار اور ثقافت مختلف ہے، پاکستان سپر لیگ میں تماشائی بھی اچھی تعداد میں آتے ہیں۔ کراچی کے خلاف ملتان سلطانز کے میچ کے بارے میں بات کرتے ہوئے کرس جارڈن کا کہنا تھا کہ کراچی کنگز کے خلاف میچ سنسنی خیز تھا۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ ملتان سلطانز کی باؤلنگ پر کوئی سوال نہیں، ٹیم بہت متوازن ہے، بطور غیر ملکی کھلاڑی لوکل کھلاڑیوں کو سکھاتے رہتے ہیں

ویسے 3 یا 4 نمبر پر کھیلتا مگر ہر نمبر پر بیٹنگ کرسکتا ہوں، حسین طلعت

2018 میں قومی ٹیم میں منتخب ہوا تو کئی چیزوں کا علم نہیں تھا، گفتگو



اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) فرنچائز پشاور زلمی کے کھلاڑی حسین طلعت نے کہا ہے کہ ہر نمبر پر بیٹنگ کرسکتا ہوں، ویسے 3 یا 4 نمبر پر کھیلتا ہوں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں حسین طلعت نے کہا کہ پشاور زلمی کے تاحال میچز اچھے نہیں ہوئے لیکن ابھی ٹورنامنٹ کا آغاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلی بار 2018 میں قومی ٹیم میں منتخب ہوا تو کئی چیزوں کا علم نہیں تھا، اگر قومی ٹیم میں موقع ملے تو تسلسل کیساتھ ملنا چاہیے۔ پشاور زلمی کے بیٹر نے مزید کہا کہ پی سی بی نے 150 کھلاڑیوں پر مشتمل چیمپئنز کپ کیلئے پول بنایا تھا،

کرسٹیانو رونالڈو اور جارجینا کی منگنی کی افواہیں گردش میں آگئیں



کراچی (سپورٹس رپورٹر) بین الاقوامی شہرت یافتہ فٹ بالر کرسٹیانو رونالڈو اور ان کی گرل فرینڈ جارجینا کی منگنی کی خبریں ایک بار پھر سے گردش کررہی ہیں۔ کرسٹیانو رونالڈو کی گرل فرینڈ جارجینا روڈریگیز نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک اسٹوری شیئر کی ہے جس نے ان کی خاموشی سے منگنی سے متعلق قیاس آرائیوں کو جنم دیا ہے۔ انسٹا اسٹوری میں جارجینا نے اپنے ہاتھ کی تصویر کو شیئر کیا ہے، جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ وہ انگلی میں ایک خوبصورت ہیرے کی انگوٹھی پہنے ہوئے ہیں،

اپنی نظر اتارتا ہوں، کیونکہ نظر لگ جاتی ہے، صاحبزادہ فرحان

پرفارمنس کے ذریعے ہی ڈومیسٹک کرکٹ سے پی ایس ایل میں منتخب کیا گیا ہوں، پریس کانفرنس



راولپنڈی (این این آئی) اسلام آباد یونائیٹڈ کے کھلاڑی صاحبزادہ فرحان کا کہنا ہے کہ اپنی نظر اتارتا ہوں، کیونکہ نظر لگ جاتی ہے۔ راولپنڈی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ میں کھیلنا اور پرفارمنس دینا ہی کھلاڑی کا کام ہوتا ہے، پرفارمنس کے ذریعے ہی ڈومیسٹک کرکٹ سے پی ایس ایل میں منتخب کیا گیا ہوں۔ صاحبزادہ فرحان کا کہنا ہے کہ رواں سیزن ٹی ٹوئنٹی میں 2 سنچریاں کرنے کا ہدف تھا لیکن 3 سنچریاں اسکور کرلیں، ڈومیسٹک کرکٹ کے لیے میں نے پاور ہٹنگ پر بہت محنت کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد یونائیٹڈ کے لیے ٹاپ آرڈر میں کھیل رہا ہوں، ڈومیسٹک میں بھی اسی نمبر پر کھیلا تھا، اُمید ہے قومی کرکٹ ٹیم میں بھی ٹاپ آرڈر میں موقع ملے گا تو پرفارمنس دوں گا۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ اسلام آباد یونائیٹڈ ہمیشہ سے جارحانہ مزاج کرکٹ کھیلتی ہے۔

اب بھی خود کو مکمل فٹ محسوس نہیں کررہا، فخر زمان

خوش قسمت رہا، جو ایک چانس ملا، جیت کا کریڈٹ ڈیرل مچل اور بولرز کو جاتا ہے، گفتگو



لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ 10 میں لگاتار دوسرا پلیئر آف دی میچ ایوارڈ جیتنے والے فخر زمان کا کہنا ہے کہ وہ اب بھی خود کو مکمل فٹ محسوس نہیں کر رہے۔ پاکستان کے جارح مزاج اسٹار اوپنر فخر زمان جو انجری کے بعد پی ایس ایل 10 میں حسب سابق لاہور قلندرز کی نمائندگی کررہے ہیں اور اپنے ٹیم کو مسلسل دو میچز جتوانے کے ساتھ دونوں میچز کے بہترین کھلاڑی بھی قرار پائے ہیں۔ تاہم بہترین کھیل کا مظاہرہ کرنے والے فخر زمان ابھی خود کو مکمل فٹ محسوس نہیں کرتے اور اس کا اظہار اوپنر نے خود کیا۔ بہترین کھلاڑی کا اعزاز پانے کے بعد فخر زمان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ اب بھی خود کو مکمل فٹ محسوس نہیں کر رہے۔ انجری کے بعد واپس آنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خوش قسمت رہا، جو ایک چانس ملا۔ جیت کا کریڈٹ ڈیرل مچل اور بولرز کو جاتا ہے۔ لاہور قلندر نے پی ایس ایل 10 میں دفاعی چیمپئن اسلام آباد یونائیٹڈ سے شکست کے بعد شاندار کم بیک کرتے ہوئے اپنے اگلے دونوں میچز جیتے۔

بابر اعظم کے ذکر پر عمر اکمل بھڑک اٹھے! ویڈیو وائرل

بابر کو ٹیم سے باہر دیکھنے کے خواہشمند مہمان کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے بھرپور دفاع کیا



لاہور (این این آئی) سوشل میڈیا پر ایک پوڈکاسٹ کی ویڈیو تیزی سے وائرل ہورہی ہے جس میں بابر اعظم کا نام آتے ہی عمر اکمل تیزی سے بھڑک جاتے ہیں۔ یہ ویڈیو پی ایس ایل 10 میں اسلام آباد یونائیٹڈ اور پشاور زلمی کے میچ کے دوران احمد علی بٹ کے پوڈکاسٹ کی ہے جس میں پاکستانی کرکٹر عمر اکمل بھی موجود تھے۔ اس موقع پر میزبان احمد علی بٹ نے سوال کیا کہ کس ایک کھلاڑی کو پاکستان ٹیم میں نہیں ہونا چاہیے؟ ایک مہمان نے فوری طور پر بابر اعظم کا نام لیا۔ اس سوال کے جواب میں بابر اعظم کا نام آتے ہی عمر اکمل بھڑک اٹھے اور بابر کو ٹیم سے باہر دیکھنے کے خواہشمند مہمان کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے سابق قومی کپتان کا بھرپور دفاع کیا۔

کیتھرین ڈیلٹن کا پاکستان کرکٹ ٹیم کیساتھ کام کرنے کی خواہش کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) ملتان سلطانز کی فاسٹ بولنگ کوچ کیتھرین ڈیلٹن نے مستقبل میں پاکستان کرکٹ ٹیم کے ساتھ کام کرنے کی خواہش کا اظہار کردیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیتھرین ڈیلٹن نے کہا کہ پنڈی کرکٹ سٹیڈیم کی پچ رنز کے حوالے سے مشہور ہے، ہم میچ سے قبل بارش کے باعث بولنگ کنڈیشنز کو استعمال کرنا چاہتے تھے، محمد رضوان نے پہلے پچ میں سنچری بنائی تھی، ان کا حوصلہ بلند ہے، کیتھرین ڈیلٹن نے کہا کہ میں کئی سالوں سے ملتان سلطانز کے ساتھ ہوں

''کافر'' میں ریپ سین کے بعد کپکپاہٹ کا شکار ہوگئی تھی، دیا مرزا

ایسے سین فلمانے کے لئے صرف اداکاری نہیں بلکہ مکمل طور پر اس کیفیت میں ڈوبنا پڑتا ہے



ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ دیا مرزا نے حال ہی میں ریلیز ہونے والی اپنی فلم ''کافر'' کے ایک نہایت ناپسندیدہ سین سے متعلق سنسنی خیز انکشاف کیا ہے۔ بالی ووڈ اداکارہ دیا مرزا نے بھارتی میڈیا کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں بتایا کہ ویب سیریز میں ریپ سین نے انہیں اس قدر جذباتی اور جسمانی طور پر متاثر کیا کہ وہ کانپنے لگیں اور الٹی کر بیٹھی تھیں۔ دیا مرزا نے مزید بتایا کہ ایسے سین فلمانے کے لئے صرف اداکاری نہیں بلکہ مکمل طور پر اس کیفیت میں ڈوبنا پڑتا ہے جو کردار ادا کرنے والے پر حقیقی اثر چھوڑتا ہے، ایک فنکار کے لئے سب سے اہم چیز کردار سے ہمدردی ہے جو مجھے فلم میں اپنے کردار سے ہوگئی تھی۔ واضح رہے کہ فلم کافر دراصل 2019 میں پیش کی گئی ایک ویب سیریز ہے جو ایک پاکستانی خاتون شہناز پروین کی سچی کہانی پر مبنی ہے

دبنگ سٹار سلمان خان کا کوئی بھی تعلق شادی تک نہ پہنچ سکا

ماضی میں سلمان خان اور کترینہ کیف 4 سال تک ایک دوسرے کو ڈیٹ کر چکے ہیں



ممبئی (این این آئی) سپر اسٹار سلمان خان کے مداح دبنگ اسٹار کے رومانوی تعلقات سے بخوبی واقف ہیں لیکن اس سب کے باوجود اداکار کا کوئی بھی تعلق شادی تک نہ پہنچ سکا۔ سلمان خان اور سنگیتا بجلانی کا تعلق برسوں خبروں کی زینت بنا رہا، سلمان اور سنگیتا نے تقریباً 8 سال تک ڈیٹنگ کی اور بتایا جاتا ہے کہ جوڑے نے 1994 میں شادی کا ارادہ بھی کرلیا تھا لیکن آخری لمحات میں یہ شادی منسوخ کردی گئی۔ حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران اداکار اور کامیڈین مشتاق خان نے سلمان کے ڈیٹنگ سالوں سے متعلق کئی کہانیاں شیئر کیں، اس انٹرویو کے دوران جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا سنگیتا بجلانی بھی سلمان خان سے ملنے ان کے سیٹ پر آئیں؟ اس کے جواب میں مشتاق خان نے بتایا کہ ایسے سوال ہم سے کبھی پوچھے نہیں گئے

فواد خان فلم ''عبیر گلال'' کے اتھ 9 برس بعد بالی ووڈ میں واپسی کے لیے تیار



ممبئی (این این آئی) پاکستان کے عالمی شہرت یافتہ سپر اسٹار اداکار فواد خان فلم عبیر گلال کے ساتھ 9 برس بعد بالی ووڈ میں واپسی کے لیے تیار ہیں۔ اداکار نے 9 برس کے بعد واپسی کے ساتھ ہی اپنا معاوضہ 3 گنا بڑھا دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلم عبیر گلال 9 مئی کو ریلیز ہوگی جس میں فواد خان اداکارہ وانی کپور کے ساتھ رومانوی کردار میں دکھائی دیں گے۔ بھارتی ہندو انتہا پسندوں کی دھمکیوں کے باوجود فلم کے ٹیزر کے بعد پہلا رومانوی گانا عشق خدایا بھی ریلیز ہوگیا ہے

کشور کمار مدھوبالا کو مرنے کیلئے تنہا چھوڑ گئے تھے، بہن کے انکشافات

کشور کمار بہن کو لندن علاج کے لئے لے کر گئے لیکن ڈاکٹروں نے جواب دے دیا



ممبئی (این این آئی) بھارت کی سابق خوبرو اداکارہ مدھوبالا کی بہن نے انکشاف کیا کہ کشور کمار میری بیمار بہن کو مرنے کیلئے تنہا چھوڑ گئے تھے۔ بھارتی اداکارہ مادھوبالا کی بہن مدھر بھوشن نے حالیہ انٹرویو میں بتایا کہ کشور کمار بہن کو لندن علاج کے لئے لے کر گئے لیکن ڈاکٹروں نے جواب دے دیا۔ کہا کہ میں کئی پروجیکٹس میں پھنسا ہوا ہوں اور بہت مصروف ہوں اس لئے دیکھ بھال نہیں کرسکتا۔ مدھر بھوشن نے مزید بتایا کہ کشور کمار نے مدھوبالا کے لیے ممبئی کے کارٹر روڈ پر ایک فلیٹ خریدا جس میں وہ اکیلی ہی رہتی تھیں، کشور کمار مہینوں بعد آتے تھے، مدھر بھوشن نے کہا کہ کشور کمار میری بہن کو کہا کرتے تھے اگر میں روز آؤں گا تو تم مجھے دیکھ کر روگی اور اس طرح دل پر اثر پڑے گا۔ مدھر بھوشن کے مطابق مدھوبالا کو ڈاکٹروں نے صرف دو سال دیئے تھے، لیکن ان کی حیران کن قوتِ ارادی نے انہیں نو سال تک زندہ رکھا، وہ آخر کار 1969 میں محض 36 برس کی عمر میں انتقال کرگئیں۔

جتنی نظر آتی ہوں اندر سے اتنی مضبوط نہیں، علیزے شاہ



کراچی (این این آئی) اداکارہ علیزے شاہ نے نفرت کرنے والوں سے دل سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ براہِ مہربانی نرم دل رہیں، ہرکوئی باہر سے جتنا مضبوط دکھائی دیتا ہے اندر سے اتنا مضبوط نہیں ہوتا۔ اداکاری میں اپنے منفرد انداز اور کیوٹ لک سے ناظرین کا دل جیتنے والی علیزے شاہ اب سوشل میڈیا پر اپنے بولڈ انداز، خود اعتمادی اور تنقید کا سامنا کرنے والے رویے کی وجہ سے زیرِ بحث ہیں۔ حال ہی میں علیزے شاہ کو ان کے لباس اور سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کیے جانے والے منصوبوں پر شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا،

ارباز خان اور شورا کے ہاں پہلے بچے کی متوقع آمد کی خبریں

ارباز خان کی شورا خان سے شادی 24 دسمبر 2023 کو ممبئی میں بہن ارپتا کے گھر ہوئی تھی



ممبئی (نیٹ نیوز) بالی وڈ کے 57 سالہ پروڈیوسر اور اداکار ارباز خان اور 35 سالہ میک اپ آرٹسٹ شورا کے ہاں پہلے بچے کی آمد کے امکان کی خبریں زیرِ گردش ہیں۔ ارباز خان کی شورا خان سے شادی 24 دسمبر 2023 کو ممبئی میں بہن ارپتا کے گھر ہوئی جس میں خان فیملی اور قریبی دوستوں نے شرکت کی تھی۔ سلمان خان کے بھائی کی یہ دوسری شادی تھی، اس سے قبل ان کی 1998 میں مشہور رقاصہ ملائیکا اروڑہ سے شادی ہوئی تھی

ادا کارہ انوشے اشرف کا اپنی شادی پر زبردست رقص



استنبول (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی باہمت، باصلاحیت اور اسٹائلش وی جے و اداکارہ انوشے اشرف نے اپنی شادی میں ایسا رقص کیا کہ ہر طرف واہ واہ ہوگئی۔ افضا میں انوشے نے ''اوکھنا'' پر ایسا جاندار رقص ڈالا کہ سوشل میڈیا پر ہر کوئی دیوانہ ہوگیا۔ ترکی کے شہر استنبول میں، انوشے اشرف اور ان کے شوہر شہاب رضا مرزا کی شادی کی تقریبات بھرپور انداز میں جاری ہیں۔

ٹورڈی رومانڈی سائیکل ریس 29 اپریل سے سوئٹزرلینڈ میں شروع ہوگی

برن (این این آئی) ٹورڈی رومانڈی سائیکل ریس کا 78 واں ایڈیشن 29 اپریل سے سوئٹزرلینڈ میں شروع ہوگا۔ سائیکل ریس میں دنیا کے نامور سائیکلسٹ شرکت کریں گے۔ ٹور ڈی رومانڈی سائیکل ریس 5 مرحلوں پر محیط ہوگی۔ ٹورڈی رومانڈی سائیکل ریس 29 اپریل سے شروع ہوکر 6 روز جاری رہنے کے بعد 4 مئی کو اختتام پذیر ہوگی۔ ٹور ڈی رومانڈی سائیکل ریس میں انوس گرینیڈیئرز ٹیم کے ہسپانوی سائیکلسٹ کارلوس رودریگیز اپنے اعزاز کا دفاع کریں گے۔

غصے میں گھر کے دروازے توڑ دیتی ہوں، اداکارہ حرامانی



کراچی (این این آئی) معروف اداکارہ حرا مانی نے غصے پر قابو نہ پانے کا اعتراف کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ غصے میں گھر کے دروازے توڑ دیتی ہیں۔ ایک انٹرویو کے دوران حرامانی نے ایک یوٹیوب شو میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں اتنا غصہ کرتی ہوں کہ گھر کے سارے دروازے و لاک توڑ دیتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب کچھ اس وقت ہوتا ہے

نیشنل/انٹرنیشنل

NATIONAL/INTERNATIONAL





محمود خلیل امریکہ کی کولمبیا یونیورسٹی میں غزہ سے متعلق صورت حال کے بارے میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے (روئٹرز)

کانگو میں کشتی جل کر ڈوب گئی، 50 افراد ہلاک

کانگو میں کشتی میں آگ لگنے کے بعد المناک حادثہ، خواتین، بچوں سمیت سیکڑوں لاپتہ

برازویلا (این این آئی) افریقی ملک کانگو کے شمال مغربی علاقے میں ایک کشتی میں آگ بھڑک اٹھنے کے بعد کشتی الٹ گئی، جس کے نتیجے میں 50 افراد جاں بحق اور سینکڑوں لاپتہ ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ حادثہ دریائے کانگو میں پیش آیا، جب 400 سے زائد مسافروں پر مشتمل ایک لکڑی کی موٹر بوٹ ایچ بی کانگولو بندرگاہ ماتانگومو سے روانہ ہوکر بولومبا کی طرف جارہی تھی۔ کشتی میں آگ اس وقت لگی جب ایک خاتون کشتی میں کھانا پکانے میں مصروف تھیں، مقامی رکنِ انتظامیہ کمپٹاں لوئیکو کے مطابق۔ حادثے کے بعد درجنوں افراد کو بچالیا گیا، جن میں سے متعدد کو شدید جھلسنے کی حالت میں مقامی اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ بچ جانے والے تقریباً 100 افراد کو ایمباٹا کا ٹاؤن ہال میں قائم کیے گئے عارضی کیمپ میں رکھا گیا ہے۔ کم از کم 50 افراد کی لاشیں نکال لی گئی ہیں، جبکہ درجنوں ابھی تک لاپتہ ہیں۔ امدادی ٹیموں کے ہمراہ ریڈ کراس اور صوبائی حکام لاپتہ افراد کی تلاش میں مصروف ہیں۔ عینی شاہدین کے مطابق، آگ لگنے کے بعد کئی مسافروں نے پانی میں چھلانگ لگا دی، جن میں خواتین اور بچے بھی شامل تھے، لیکن تیرنا نہ آنے کی وجہ سے وہ جانبر نہ ہو سکے۔ جمہوریہ کانگو میں کشتی حادثات معمول بن چکے ہیں، جن کی وجوہات میں کشتیوں کی گنجائش سے زیادہ سواریاں، حفاظتی اقدامات کا فقدان اور رات کے وقت سفر شامل ہیں۔ یہ حادثہ کانگو کے پسماندہ علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کی کمی اور محفوظ سفری ذرائع کی عدم دستیابی کی سنگین عکاسی کرتا ہے، جہاں دریاں کا استعمال عوام کے لیے آمدورفت کا بنیادی ذریعہ ہے۔

شمالی غزہ کے علاقے جبالیہ میں تباہ عمارتوں ملبے کے اوپر ایک لڑکی کھڑی دیکھی جاسکتی ہے (بشار طالب/اے ایف پی)

غزہ کو فلسطینیوں کی اجتماعی قبر میں تبدیل کردیا گیا، ڈاکٹرز ود آؤٹ بارڈرز

فلسطینیوں یا ان کی مدد کرنے کی کوشش کرنے والے کہیں بھی محفوظ نہیں ہیں، اماندے بازرولے

جنیوا (این این آئی) بین الاقوامی طبی امدادی ایجنسی ڈاکٹرز ود آؤٹ بارڈرز (ایم ایس ایف) نے کہا ہے کہ اسرائیل کی فوجی کارروائیوں اور انسانی امداد کی روک تھام نے غزہ کو فلسطینیوں اور ان کی مدد کرنے والوں کے اجتماعی قبرستان میں تبدیل کر دیا ہے۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے کے مطابق ایم ایس ایف کے کوآرڈینیٹر اماندے بازرولے نے کہا کہ غزہ کو فلسطینیوں اور ان کی مدد کے لئے آنے والوں کی اجتماعی قبر میں تبدیل کردیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم حقیقی وقت میں غزہ کی پوری آبادی کی تباہی اور جبری بے گھر ہونے کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فلسطینیوں یا ان کی مدد کرنے کی کوشش کرنے والے کہیں بھی محفوظ نہیں ہیں، اماندے بازرولے نے کہا

روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

حاجی محمد نواز چوہان نے ''خصوصی انسداد پولیو مہم'' میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا

پولیو کے خاتمے کے لیے اپنے عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے، چوہان صاحب نے ذاتی طور پر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) حاجی محمد نواز چوہان MPA PP-62 (مانیٹرنگ انچارج DHQ, ڈویژنل انچارج زکوٰۃ وعشر) صاحب نے کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی صاحب اور ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد صاحب کے ساتھ ''خصوصی انسداد پولیو مہم'' میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ پولیو کے خاتمے کے لیے اپنے عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے، چوہان صاحب نے ذاتی طور پر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے۔ مہم کے دوران، چوہان صاحب نے والدین پر زور دیا کہ وہ پولیو کے قطرے پلانے کے بارے میں آگاہ رہیں اور اپنے 5 سال سے کم عمر کے بچوں کو قطرے پلانے کو یقینی بنائیں۔

انہوں نے پولیو ورکرز کے کردار کی حوصلہ افزائی کی جو گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پلاتے ہیں، عوام کو پیغام دیا کہ وہ پولیو ورکرز کی کوششوں کو سراہیں اور مکمل تعاون کریں۔ حاجی محمد نواز چوہان صاحب نے پولیو مہم میں حصہ لے کر اور عوام بیداری پھیلا کر، صحت عامہ اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے اپنی لگن کا مظاہرہ کیا۔ ان کی کوششوں کا مقصد پنجاب کے بچوں کا صحت مند مستقبل بنانا ہے۔



چوآسیدن شاہ: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کی قصبہ ڈنڈوت آمد کی آمد کے موقع پر بڑے پنڈال میں بیٹھے ہیں

شورکوٹ جنکشن سے شاہین آباد جنکشن ریلوے کی اہم برانچ، مسلسل نظر انداز کی جارہی ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) شورکوٹ جنکشن سے شاہین آباد جنکشن براستہ جھنگ صدر تک ریلوے کی یہ برانچ لائن ایک اہم مگر مسلسل نظر انداز کی جانے والی لائن ہے، جس پر اس وقت صرف ایک ٹرین بزارہ ایکسپریس چل رہی ہے۔ اپ ٹرین کراچی سے حویلیاں صبح 4 بجے جھنگ صدر سے گزرتی ہے ڈاؤن ٹرین حویلیاں سے کراچی رات 30:2 بجے جھنگ صدر سے گزرتی ہے یہ برانچ لائن آگے چا کر شاہین آباد جنکشن سے ہو کر سرگودھا جنکشن تک پہنچتی ہے، جو کہ ایک معروف اور بڑا ریلوے اسٹیشن ہے۔ لیکن حیرت انگیز طور پر اس پورے سیکشن پر پورا دن کوئی اور ٹرین دستیاب نہیں۔ مزید مایوسی کی بات یہ ہے کہ سندل پسنجر ٹرین جوملتان - خانیوال - شورکوٹ - جھنگ صدر - شاہین آباد - سرگودھا جنکشن کے درمیان دن کے وقت چلتی تھی، اسے COVID-19 کے دوران بند کر دیا گیا اور ابھی تک بحال نہیں کیا گیا، جو کہ مقامی مسافروں کے لیے انتہائی افسوسناک ہے۔ یہ بات سابق ڈائریکٹر جنرل اے پی پی رائے ریاض ڈھڈی نے ایک پریس ریلیز میں کہی انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان ریلوے کے اعلیٰ حکام سے اپیل کرتے ہیں کہ سیاندل پسنجر ٹرین کو فوری طور پر بحال کیا جائے یا اس سیکشن پر دن کے وقت کوئی نئی شٹل یا ایکسپریس ٹرین چلائی جائے۔

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مالی امداد کی فراہمی کے سلسلہ میں خواتین کو سخت دشواری کا سامنا

عملے کے ناروا سلوک پر خواتین کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مالی امداد کی فراہمی کے سلسلہ میں خواتین کو سخت دشواری کا سامنا عملے کا ناروا سلوک پر خواتین کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق سٹیلائٹ ٹاؤن چنیوٹ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام آفس میں عملہ اہلکار خواتین کو ملنے والی سرکاری رقوم سے منہ مانگی کٹوتی کر رہے ہیں امدادی رقم لینا مستحق خواتین کے لیے ایک خواب بن کر رہ گیا ہے۔ خواتین کی ایک بڑی تعداد روزانہ ذلت اور رسوائی کا سامنا کرتے ہوئے احتجاج پر مجبور ہو چکی ہے۔ حال ہی میں چنیوٹ کے شہری محمد عرفان اپنی اہلیہ اور بچوں کے ہمراہ امدادی رقم کے حصول کے لیے سنٹر پر پہنچے جہاں کٹوتی کی شکایت لے کر متعلقہ حکام کے پاس پہنچے تو انہوں نے بھی کوئی کاروائی نہ کی شہریوں نے اسسٹنٹ کمپلینٹ آفس احمد یار وینس و دیگر عملہ کے انسانیت سوز رویے اور سرکاری رقوم کی لوٹ مار پر شدید احتجاج کرتے ہوئے وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف اور چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

بزرگ سیاستدان پیر سید ارشد ہاشمی سے پی ٹی آئی شعبہ خواتین کی ضلعی صدر جمیلہ یونس کی ملاقات

پارٹی امور و حکومتی سیاسی انتقامی کاروائیوں پر تبادلہ خیال کیا



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما بزرگ سیاستدان پیر سید ارشد ہاشمی سے پی ٹی آئی شعبہ خواتین کی ضلعی صدر جمیلہ یونس جنجوعہ نے ملاقات کی اور پارٹی امور و حکومتی سیاسی انتقامی کاروائیوں پر تبادلہ خیال کیا ملاقات میں بانی پی ٹی آئی کے دیرینہ ساتھی سابق وفاقی وزیر مراد سعید کی جان کو لاحق خطرات کا بھی خصوصی تذکرہ کیا گیا پیر سید ارشد ہاشمی نے کہا کہ مراد سعید حقیقی سفیر امن ہیں جو گزشتہ دو دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف بات کر رہے ہیں 2022 سے ابتک وہ عوام حکومت اور ریاست کی توجہ بدامنی کے عفریت کی طرف دلانے کی بھرپور کوشش کر رہے ہیں دہشت گرد حملوں کے خلاف امن مارچ کئے اور پارٹی کے دور اقتدار میں پاکستان کو امن کا گہوارہ بنانے کی خاطر انتھک کردار ادا کیا مگر حکمران انکی پاکستان کے استحکام کی فکر کو سراہنے اور انکے موقف پر غور کرنے کی بجائے الٹا انہیں راستے سے ہٹانا چاہتے ہیں مراد سعید کی جان کو مسلسل خطرات لاحق ہیں جس کے باعث وہ روپوشی اختیار کرنے پر مجبور ہیں مراد سعید کو تحفظ کی فراہمی حکومت و ریاست کی کلیدی ذمہ داری ہے اگر اس محب وطن پاکستانی لیڈر کی جان کو خدانا خواستہ نقصان پہنچا تو یہ پاکستان کیلئے ناقابل تلافی ثابت ہوگا، مراد سعید کی فکر پشتونوں تک محدود نہیں انہوں نے ہمیشہ اپنی گفتگو میں پاکستانیوں کو مخاطب کیا ایسے جرات مند نڈر بے باک و باکردار لیڈر صدیوں بعد پیدا ہوتے ہیں مراد سعید اوورسیز و پاکستان میں بسنے والے نوجوانوں کے ہر دلعزیز لیڈر اور قومی ہیرو ہیں ہم حکومت و ریاست سے مطالبہ کرتے ہیں کہ مراد سعید پر عائد جھوٹے مقدمات خارج کر کے انہیں مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔

رانا عمران نذیر جوئیہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی سی ایل حافظ آباد کے آفیسر رانا عمران نذیر جوئیہ طویل علالت کے بعد یہاں رتو کالونی گوجرانوالہ روڈ پر انتقال کر گئے۔ مرحوم ضلع کی معروف شخصیت حاجی رانا نذیر احمد جوئیہ کے بیٹے تھے۔ مرحوم کو قبرستان گڑھی اعوان والے میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کا جائزہ اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کا جائزہ اجلاس، اجلاس میں تحصیل کے یوسی ایم او اور ایریا انچارجز سمیت محکمہ ہیلتھ کے حکام نے شرکت کی، اسسٹنٹ کمشنر انعم خان نے کہا کہ تمام محکمہ ہیلتھ کے افسران اور سپروائزر پولیو کے خاتمہ کے لیے محنت سے کام کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں اور اپنی پیشہ ورانہ خدمات فراہم کرنے کے لیے مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات سرانجام دینے کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل کریں۔

ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا ایکشن گاڑیوں کی اوورلوڈنگ پر ایکشن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا ایکشن گاڑیوں کی اوورلوڈنگ پر ایکشن، سیکرٹری ڈی آر ٹی اے واصف یاسین کی زیر نگرانی متعدد مقامات پر گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی اور اوور لوڈنگ کرنے والے 10 گاڑیوں کے چالان کر دیے گئے اور 4 کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے انہیں موقع پر بند کروا دیا گیا جبکہ اوورلوڈنگ کرنے والے ٹرانسپورٹرز کو 45 ہزار روپیہ جرمانہ بھی عائد کیا گیا، اس موقع پر سیکرٹری ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی واصف یاسین نے کہا کہ ایکسل لوڈ مینجمنٹ کہ قوانین کے تحت گاڑیوں میں لوڈنگ کے خلاف سخت کاروائیاں کی جائیں گی اور ٹرانسپورٹرز کو بھاری جرمانے کرنے کے ساتھ ساتھ ان کا گاڑیوں بند کر دی جائیں گی، دریں اثنا سیکرٹری ڈی آر ٹی اے اور ٹریفک پولیس حکام نے مشترکہ کاروائیوں کے دوران ایکسل پی جی فٹ 10 گاڑیاں اور 2 رکشے بند کر دیے اور بغیر پرمٹ و فٹنس سرٹیفکیٹ گاڑیوں کے مالکان کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے انہیں 45 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کر دیا

8 جونیئر کلرکس کو سینئر کلرکس جبکہ 7 پٹواریوں کو قانونگو کے عہدے پر ترقی دیدی گئی

اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر آفس میں ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر آفس ساہیوال کے 2 سینئر کلرکس کو اسسٹنٹ، 8 جونیئر کلرکس کو سینئر کلرکس جبکہ 7 پٹواریوں کو قانونگو کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر آفس میں ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کیپٹن (ر) اسامہ مجید، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب، اے سی چیچہ وطنی وحید حسن گوندل، اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹر نعمان قیصر سمیت متعلقہ حکام بھی اجلاس میں موجود تھے۔ ترقی پانے والوں میں سینئر کلرک محمد شفیق اور ملازم حسین کو اسسٹنٹ کے عہدے پر پروموٹ کر دیا گیا۔ اسی طرح شفقت عباس، محمد حنیف، یاسر اقبال، خالد منظور، جاوید اقبال، رضا نعیم، محمد طیب ندیم، خادم حسین کو جونیئر کلرک سے سینئر کلرک کر دیا گیا۔ رب نواز امین، محمد کبیر، محمد اقبال ولد شیر محمد، محمد سعید احمد ولد جان محمد، طارق سعید ولد محمد سرور، محمد خالد حمید اور محمد الیاس کو پٹواری سے قانونگو کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔

ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کی رکشہ ڈرائیوروں کو لائسنس بارے آگاہی

ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے لائسنس برانچ پاکپتن میں علیحدہ کاؤنٹر بنا دیا گیا ہے

عارف والا (نمائندہ قوت) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے پر اور ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر پاکپتن جاوید پھرھڑ کی خصوصی ہدایت ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر پاکپتن عبد المجید کی زیر نگرانی انچارج ایجوکیشن ونگ نے رکشہ ڈرائیوروں کو بسلسلہ آگاہی ڈرائیونگ لائسنس رکشہ ڈرائیوروں کو ڈرائیونگ لائسنس پر آگاہی اور بتایا کہ ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ڈرائیونگ کرنا قانونا جرم ہے آپ لوگوں کی سہولت کے لیے ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب کے حکم کے مطابق ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے لیے لائسنس برانچ پاکپتن میں علیحدہ کاؤنٹر بنا دیا گیا ہے جہاں ہر وقت آپ لوگوں کی رہنمائی کے لیے ٹریفک پولیس کا عملہ موجود ہے آپ صرف اپنا اصل قومی شناختی کارڈ ساتھ لائیں اور بالکل آسان طریقے سے اپنے آٹو رکشے کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کریں اور جن رکشہ ڈرائیور حضرات کے پہلے لرز بنے ہوئے ہیں وہ بروز اتوار ڈرائیونگ لائسنس برانچ چوآل تشریف لائیں اور اپنا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کریں اس سلسلہ میں آگاہی پمفلٹ بھی تقسیم کیے گئے مزید بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ جگہ جگہ رکشہ سٹینڈ بنا بنایا جائے کیونکہ اس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی میں تعطل پیدا ہوتا ہے ٹریفک قوانین پر عمل کر کے مہذب شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

چوآسیدن شاہ ناقص سیفٹی انتظامات ہونے کی وجہ سے مائن حادثات نہ رک سکے

مائنز انسپکٹر چکوال کی کارکردگی پر سوالیہ نشان: مزدوروں کی انصاف کی دہائی



چکوال (ایوب سلطانی) چوآسیدن شاہ میں اقبال حسین والد حسن گل سکنہ شواو چکیسر ضلع شانگلہ پنجاب منرلز کمپنی کھجولہ ضلع چکوال کی مائن نمبر 4 میں دوران کام مائن کا چھت گرنے سے زخمی ہوا زخمی حالت میں مائنز لیبر ویلفیئر ہسپتال چوآسیدن شاہ لایا گیا جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لیے DHQ راولپنڈی ریفر کر دیا گیا، چوآسیدن شاہ میں اس سے پہلے بھی کئی مزدوروں کی جانیں جا چکی ہیں



17 سالہ لڑکی کی چھت پر فائرنگ سے قتل، مقدمہ درج

واقعے میں تین ملزمان ملوث بتائے جا رہے ہیں جن میں سے ایک کو نامزد کیا گیا ہے



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) نوشہرہ ورکاں کے نواحی گاؤں جاگووال میں جمعرات کے روز 17 سالہ لڑکی کو اس کے اپنے گھر کی چھت پر فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔ واقعے میں تین ملزمان ملوث بتائے جا رہے ہیں جن میں سے ایک کو نامزد کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق، جو تھانہ نوشہرہ ورکاں میں درج کی گئی، مدعی رانا محمد عباس نے بیان دیا کہ اس کی بیٹی، مریم عباس، اپنے ہمسایوں کو دودھ دینے کے لیے گھر کی چھت پر گئی تھی۔

دیپالپور پولیس کی بروقت کارروائی اقدام قتل کے ملزمان گرفتار

دیپالپور (زاہد عمران خاں جنجوعہ) دیپالپور پولیس کی بروقت کارروائی اقدام قتل کے ملزمان گرفتار اوکاڑہ پکار 15 پر پولیس کو لاری اڈا دیپالپور میں لڑائی جھگڑا کی اطلاع موصول اوکاڑہ ایس ایچ او سٹی دیپالپور نے اپنی ٹیم کے ہمراہ فوری ریپاڈ کیا اوکاڑہ پولیس نے موقع پر پہنچ کر فائرنگ کرنے والے ملزمان گرفتار کر لیے اوکاڑہ لاری اڈا میں دو گروپوں کا آپس میں لڑائی جھگڑا ہوا اوکاڑہ ملزمان کے قبضہ سے پسٹل بھی برآمد اوکاڑہ گرفتار ملزمان میں وقار، وقاص اور عمران شامل اوکاڑہ پولیس نے ملزمان کو گرفتار کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا۔

ضلع شیخوپورہ کے متعدد ایس ایچ اوز انویسٹی گیشن انچارج انسپکٹر کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ میں تعینات تمام انسپکٹرز کو فوری سی سی ڈی پنجاب رپورٹ کرنے کا حکم

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ضلع شیخوپورہ کے متعدد ایس ایچ او انویسٹی گیشن انچارج انسپکٹر کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ میں تعینات تمام انسپکٹرز کو فوری سی سی ڈی پنجاب رپورٹ کرنے کا حکم تفصیل کے مطابق پنجاب میں سنگین جرائم کے خاتمہ کے لئے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ تشکیل دیا گیا جو کہ ایڈیشنل آئی جی کمیل ظفر چیمہ کی سربراہی میں کام کرے گا اس ڈیپارٹمنٹ میں آفسران کی تعیناتیوں کا عمل جاری ہے جس کے تحت ضلع شیخوپورہ کے متعدد انسپکٹر طہیر عالم شاہ ساجد عباس شاہ لطیف گجر لیاقت جٹ عمر شیر ازگھمن طاہر عزیز منیر حسین عارف علی مرزا شاہد اقبال سمیت متعدد انسپکٹرز کو سی سی ڈی پنجاب رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

پتوکی روڈ حادثہ، ڈرائیور جانبحق

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی روڈ حادثہ، ڈرائیور جانبحق۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی بائی پاس پر فتح ڈھابا کے قریب شہ زور ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث لاہور سے پتوکی آتے ہوئے ٹریکٹر سے ٹکرا گیا جس باعث سرگودھا کا رہائشی 26 سالہ شہ زور کا ڈرائیور شبیر موقع پر جانبحق ہو گیا ریسکیو نے باڈی قریبی ہسپتال منتقل کر دی۔

لیبیا کشتی حادثہ میں ڈسکہ کے موضع دھرم کوٹ کا زاہد محمود بھی جان کی بازی ہار گیا

غمزدہ والدین اہل خانہ اور دو معصوم بچے اس کی میت کی واپسی کے منتظر ہیں



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) لیبیا کشتی حادثہ میں ڈسکہ کے موضع دھرم کوٹ کا زاہد محمود بھی جان کی بازی ہار گیا، غمزدہ والدین اہل خانہ اور دو معصوم بچے اس کی میت کی واپسی کے منتظر ہیں۔ آنکھوں میں سنہرے مستقبل کے خواب سجائے لیبیا سے یونان جاتے ہوئے کشتی حادثہ میں جاں بحق ہونے والا زاہد محمود دو اجی موضع دھرم کوٹ کا رہائشی ہے زاہد محمود دو بچوں کا باپ تین سال سے لیبیا میں مقیم تھا جو لیبیا سے ڈنکی لگا کر یونان جاتے ہوئے جان کی بازی ہار گیا زاہد محمود کے بوڑھے والدین، بیوہ، چار سالہ بیٹا اور دو سالہ بیٹی غم سے نڈھال اس کی میت کے منتظر ہیں تا کہ وہ اپنے ہاتھوں سے اس کی تدفین کر سکیں اہل خانہ کے مطابق یہ حادثہ نہیں بلکہ قتل ہے اور کشتی ڈوبی نہیں بلکہ زاہد محمود کو فائرنگ کر کے مارا گیا ہے انہوں نے حکومت سے اپیل کی کہ ان کے پیارے کی میت پاکستان لانے کا فوری بندوبست کیا جائے شہریوں کا کہنا ہے کہ آئے روز ہونے والے ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے حکومت فوری اقدامات کرے اور انسانی اسمگلروں کو بھی نشان عبرت بنایا جائے تا کہ انسانی جانوں کے ضیاع کا سلسلہ رک سکے۔

شہر میں ڈاکو راج برقرار شہری نقل مکانی پر مجبور

موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے خوف وہراس پھیلا دیا، حدود کی برف کے کارخانہ میں واردات کے دوران مزاحمت پر ملازم زخمی

مرید کے (تحصیل رپورٹر) شہر میں ڈاکو راج برقرار شہری نقل مکانی پر مجبور موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے خوف و ہراس پھیلا دیا حدود کی برف کے کارخانہ میں واردات کے دوران مزاحمت پر ملازم زخمی دن دیہاڑے کھٹی بازار اور ماشاءاللہ مارکی کے قریب سے بھی شہری لٹ گئے ڈاکو فرار شہریوں کا آئی جی پولیس پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیل کیمطابق شہر مرید کے میں موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں کا خوف واردات پر واردات شہری نقل مکانی پر مجبور ہو گئے دن دیہاڑے کھٹی بازار میں امانول مسیح شہری کو ڈاکوؤں نے یرغمال بنا کر اسلحہ کے زور پر پچاسی ہزار نقدی و موبائل چھین لیا ماشاءاللہ مارکی کے قریب امان اللہ شہری سے ڈاکوؤں نے ستر ہزار و موبائل چھین لیئے رات گئے حدود کی میں واقعہ برف کے کارخانہ میں مسلح ڈاکوؤں نے دھاوا بول دیا ملازمین کو یرغمال بنا کر پینتیس ہزار لوٹ لیئے اور مزاحمت پر ملازم کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا ملازمین نے مبینہ دو ڈاکو پکڑ لیئے اور پولیس کے حوالے کر دیا مرید کے کی تاجر برادری اور شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں شہریوں تاجروں نے بڑھتی وارداتوں اور امن وامان کی بگڑتی صورت حال پر آئی جی پولیس پنجاب اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے فوری نوٹس لیتے موثر اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے

دکاندار کے ساتھ بدتمیزی کرنے اور گریبان پکڑنے کا الزام، میونسپل کمیٹی کے باہر احتجاج

کارپوریشن آفیسر نے بداخلاقی کرتے ہوئے گریبان پکڑ کر ہتک آمیز رویہ برتا ہے: سیف اللہ جاوید

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) کلاتھ ایسوسی ایشن کا میونسپل کارپوریشن آفیسر رحمان لطیف پر دکاندار کے ساتھ بدتمیزی کرنے اور گریبان پکڑنے کا الزام، میونسپل کمیٹی میں احتجاج کیا گیا، تفصیلات کے مطابق کلاتھ ایسوسی ایشن میاں چنوں کے دکانداروں نے میونسپل چیف آفیسر کے دفتر کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ جنرل سیکرٹری کلاتھ ایسوسی ایشن سیف اللہ جاوید کے ساتھ میونسپل کارپوریشن آفیسر رحمان لطیف نے بداخلاقی کرتے ہوئے گریبان پکڑ کر ہتک آمیز رویہ برتا ہے، مظاہرین نے شدید نعرے بازی کرتے ہوئے کارروائی کا مطالبہ کیا، صدر مرکزی انجمن تاجران چوہدری محمود احمد نے بتایا دکانداروں کے ساتھ کسی صورت بھی بداخلاقی برداشت نہیں کی جائے گی،



افسران اپنا کام کریں دکانداروں سے بداخلاقی کا کسی کو حق نہیں ہے، اسسٹنٹ کمشنر محمد اقبال نے بتایا کے عملے اور دکانداروں کے درمیان معمولی بحث ہوئی جس پر صلح کروا کر آئندہ کیلئے بہتری پر عمل ہوگا، الزام علیہ میونسپل آفیسر رحمان لطیف نے بتایا کسی کا گریبان نہیں پکڑا بلکہ تجاوزات کے خلاف کاروائی کے دوران عملے سے مزاحمت کی گئی ہے جس پر ہم قانونی کاروائی کا حق رکھتے ہیں۔

نامعلوم ملزمان نے دوشیزہ کو اغوا کر لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم ملزمان نے دوشیزہ کو اغوا کر لیا سرانوالی لے مختار احمد کی بیٹی 18 سالہ (ح) کو نامعلوم ملزمان حرامکاری کی نیت سے اغوا کر کے لے گئے ستراہ پولیس نے مقدمہ درج کر لئے

تھانہ صدر پولیس نے مختلف علاقوں سے بین الاضلاعی ڈکیت گینگز کے چھ کارندوں کو گرفتار کر لیا

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 24 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر لیا گیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن ××× کرائم فری پنجاب ××× کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ تھانہ صدر پولیس نے مختلف علاقوں سے بین الاضلاعی ڈکیت گینگز کے چھ کارندوں کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 24 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر لیا گیا۔ گرفتار ملزمان تھانہ صدر پولیس کو ڈکیتی، راہزنی، چوری کے 23 مقدمات میں مطلوب تھے۔ ملزمان سے تفتیش کا عمل جاری ہے، مزید انکشافات متوقع ہیں۔ گرفتار ملزمان میں طارق، ازان، ساجد، گلفام، فیضان اور سلیم شامل ہیں۔ ایس ایچ او تھانہ صدر سب انسپکٹر سیف اللہ، اسسٹنٹ سب انسپکٹر اعجاز اصغر نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کی۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی صورت میں قریبی پولیس سٹیشن یا 15 پر اطلاع دیں۔

تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود میں اوباش نے زبردستی بارہ سالہ لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ صدر اوکاڑہ کی حدود میں اوباش نے زبردستی بارہ سالہ لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 30 ٹو آر کے رہائشی اقبال کی 12 سالہ بیٹی صباء اقبال گھر سے کھانا لے کر کھیتوں میں جا رہی تھی کہ اچانک راستے میں اوباش اسد عرف منشی نے پکڑ کر کھیتوں میں لے گیا جہاں اسے زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا دیا لڑکی کی چیخ و پکار پر اہل دیہہ آ گئے ملزم بھاگ جانے میں کامیاب ہو گیا پولیس تھانہ صدر اوکاڑہ نے لڑکی کے والد اقبال کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم کو چار گھنٹے کے اندر گرفتار کر لیا ہے۔

8 مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز، موٹر سائیکل، رکشہ و دیگر قیمتی سامان سے محروم ہو گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) آٹھ مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، موبائل فونز، موٹر سائیکل، رکشہ و دیگر قیمتی سامان سے محروم ہو گئے۔ کوٹ ماناں میں ملزمان شبیر، عرفان اور تہمینہ موٹر سائیکل پر سوار روبینہ کوثر کے گھر آئے اور زبردستی پرس، نقدی 2 لاکھ روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ تھلی سندھواں کا محمد کامران اپنی بیوی کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار جا رہا تھا کہ دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل اور نقدی 15 ہزار روپے چھین کر فرار ہو گئے دھیر کے کا فضل ربانی ٹرک پر شہد کی مکھیاں لے کر جا رہا تھا کہ ٹرک کے ٹائر پنکچر ہو گئے اور اسی دوران دو نامعلوم ملزمان آ گئے اور اسلحہ کے زور پر موبائل فون، چارجر، سوٹ و دیگر قیمتی سامان چھین کر لے گئے پسرور روڈ سے محمد وہاب رؤف کی موبائل شاپ سے موبائل فون چوری شاہد یب علی ہوٹل پر کھانا کھانے گیا تو ٹیبل پر رکھا موبائل فون چوری ہو گیا ذوالفقار کا مسلم مارکیٹ سے رکشہ چوری بھرو کے کلاں کے محمد انور اور ظہیر اصغر کے زرعی رقبوں سے پیٹرا انجن چوری ہو گئے آدمکے چیمہ کے محمد سعید کی سیف الماری سے 10 ہزار روپے چوری ہو گئے پولیس نے مقدمات درج کر لئے

شہر اور گردونواح میں چوری وڈکیتی کی وارداتیں

شہری لاکھوں روپے نقدی موبائل فونز موٹر سائیکلوں جانوروں اور زرعی آلات سمیت دیگر سامان سے محروم

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شہر اور گردونواح میں چوری وڈکیتی کی وارداتیں شہری لاکھوں روپے نقدی موبائل فونز موٹر سائیکلوں جانوروں اور زرعی آلات سمیت دیگر سامان سے محروم تفصیل کے مطابق منگل خورد کا رہائشی افضل ٹریکٹر کی رقم لے کر گاؤں جا رہا تھا لدھیکے کے قریب ڈاکوؤں نے 3 لاکھ 13 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا سبزی منڈی میں نامعلوم چور صدر سبزی منڈی میاں امجد کی دوکان سے اڑھائی لاکھ روپے نکال کر رفو چکر ہو گیا نامعلوم چور نارنگ موڑ پر سجاد کی حویلی سے ساڑھے تین لاکھ روپے مالیت کے جانور اور ڈیڑھ لاکھ روپے نقدی چوری کر کے لے گئے منور حسین کے کھیتوں سے 1 لاکھ 60 ہزار روپے کی موٹر چوری نواحی گاؤں دھگانہ میں کھیتوں کے باہر کھڑی صدام اور بوڑھے اوٹھ میں جاوید کی موٹر سائیکلیں چوری ہو گئیں کرتو کے قریب کھیتوں سے موٹر پمپ کا ڈی اے پی کھاد سمیت دیگر سامان چوری ہو گیا نارنگ پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

پتوکی ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت میں جعلی جرمانے کا چالان جمع کروانے پر مقدمہ درج

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت میں جعلی جرمانے کا چالان جمع کروانے پر مقدمہ درج تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی میں کیپٹل سیکیورٹی کار بنام تیم بی بی معزز جج ملک نعیم شوکت ایڈیشنل سیشن جج سماعت کے لئے مقرر تھا جس میں ملزمہ نے اعتراف جرم کیا اور معزز جج نے ملزمہ کو 2500 روپے ایشیل بینک برانچ پتوکی میں بطور جرمانہ جمع کروانے کا حکم صادر کیا جو کہ ملزمہ ہمراہ کونسل کلرک محمد احمد کا چالان جمع کروانے کی غرض سے لے گئی بعد ازاں ایشیل بینک برانچ پتوکی کا جمع شدہ چالان عدالت میں جمع کروایا جس کو شوکاز جاننے ہوئے معزز جج نے رسید کی تصدیق کروائی تو مقامی ایشیل بینک پھونکنے رسید کو جعلی اور فرضی بتاتے ہوئے رپورٹ کی کہ رسید کی بابت کوئی رقم بینک میں جمع نہ ہوئی ہے ج

''قوت'' کلاسیفائیڈ
DAILY QUWWAT LAHORE
روزنامہ قوت
ISSUE NO. 1

تمام اشتہارات نیٹ بیٹی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے سفید پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ

1

دی وشت کردی کی سرپرستی تھم کرنے اور بیرون ممالک تحلی عام پر توجہ دینا چاہیے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ تحفظ اور سیکیورٹی کے ساتھ ساتھ تحقیقات جاری ہیں، اس واقعہ کی مذمت کردی ہے اور اس کے ساتھ ہی ہم نے اپنے ہیڈ کوارٹر سے اور قانون نافذ کرنے والے ہر ادارے سے اور ایف آئی اے سے رابطہ کیا ہے اور ہم نے ان سے درخواست کی ہے کہ ہمارے ساتھ تعاون کریں اور ہم نے ان سے کہا ہے کہ ہم تمام ممالک سے بہتر تعلقات رکھیں، میں ہمارا ایک وفد بہت جلد ہی اور پاک امریکا تعلقات دائیں پارٹنر کے تعلقات میں اضافہ کرنے کے لیے امریکا جائے گا، یہ ایک انتہائی افسوسناک واقعہ ہے اور ہم اس کی شدید مذمت کرتے ہیں، ہم نے اپنے ہیڈ کوارٹر سے اور اپنے ایف آئی اے سے رابطہ کیا ہے اور ہم نے ان سے درخواست کی ہے کہ ہمارے ساتھ تعاون کریں اور ہم نے ان سے کہا ہے کہ ہم تعلقات رکھیں، میں ہمارا

مریم نواز اتنا ظلم کریں جتنا خود برداشت کر سکیں، سیٹرسٹ رسیف

بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کے ساتھ روا رکھا گیا سلوک قابلِ مذمت ہے، حواس باختہ حکومت بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں سے خوفزدہ ہے

عمران خان سے ان کی بہنوں کی ملاقات آئینی و قانونی حق ہے، بانی پی پی پی و آئی ایم ایف کے وظیفہ خور ہیں، مریم نواز

پشاور (این این آئی) خیبر پختون خوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ حواس باختہ حکومت بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں سے خوفزدہ ہے، مریم نواز اتنا ظلم کریں جتنا خود برداشت کر سکیں۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کے ساتھ روا رکھا گیا سلوک قابل مذمت ہے۔ بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ عمران خان سے ان کی بہنوں کی ملاقات آئینی و قانونی حق ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ملاقات کے بجائے بانی پی پی ٹی آئی کی بہنوں کو گرفتار کر کے ویرانے میں چھوڑ دیا گیا، پنجاب حکومت کا یہ اقدام عدالتی احکامات کا مذاق اڑانے کے مترادف ہے۔ بیرسٹر سیف نے یہ بھی کہا ہے کہ پنجاب حکومت عدلیہ کی آزادی کا جنازہ نکال رہی ہے، عدلیہ آئین و قانون کی پامالی کا نوٹس لے۔



لیہ: ڈپٹی کمشنر امیر ابیدہ ارتھاذات بنانے بارے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

کراچی، ڈاکٹر زکی مبینہ غفلت سے مریض چل بسا، لواحقین کا ڈاکٹر پر تشدد

مریض کو انکیشن تھا، حالت تشویشناک تھی، بہتر علاج کیا گیا، اسپتال انتظامیہ کا موقف

کراچی (این این آئی) جناح اسپتال کراچی میں ڈاکٹروں کی مبینہ غفلت سے مریض دم توڑ گیا، لواحقین نے صدر تھانے کے باہر لاش رکھ کر احتجاج کیا، مریض کے عزیزوں نے آئی جی سندھ ڈاکٹروں پر تشدد بھی کیا تھا۔ لواحقین کے مطابق 17 سال کا شاہ فہد سانس کے عارضے میں مبتلا تھا، لواحقین نے الزام لگایا تھا کہ مریض کا درست علاج نہیں کیا گیا۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق مریض (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

یو اے ای، شناختی کارڈ کی جگہ چہرے کی شناخت کا نظام متعارف

دبئی، ابوظہبی ایئرپورٹس پہلے ہی چہرے کی شناخت کر رہے ہیں، رپورٹ

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں شناختی کارڈ کے بجائے چہرے کی شناخت کا جدید ٹیکنالوجی متعارف کرانے کی تیاری جاری ہے۔ نئے نظام کے تحت متحدہ عرب امارات کے رہائشی اور دیگر اپنا چہرہ دکھا کر اپنی شناخت کو منجمد کرا سکیں گے۔ دبئی اور ابوظہبی کے ایئرپورٹس پہلے ہی دنیا کا بہترین نظام استعمال کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

ممبر الیکشن کمیشن آف پاکستان، پنجاب بابر حسن بھروانہ نے لیہ میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر، لیہ کے نئے تعمیر شدہ دفتر کا باقاعدہ افتتاح کیا

لاہور (خبر نگار) ممبر الیکشن کمیشن آف پاکستان، پنجاب جناب بابر حسن بھروانہ نے لیہ میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر، لیہ کے نئے تعمیر شدہ دفتر کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ نئے تعمیر شدہ دفتر کا تعمیر مقررہ مدت کے اندر مکمل کی گئی۔ افتتاحی تقریب میں ریجنل الیکشن کمشنر پنجاب، جناب نے توتعمیر شدہ دفتر کا افتتاح کیا اور پوری عمارت کا مکمل دورہ کیا۔ انہوں نے تعمیر کے معیار پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر صوبائی الیکشن کمشنر جناب شریف اللہ، ریجنل الیکشن کمشنر ڈی خان کیپٹل احمد، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر لیہ محمد طفیل، ایکسین پاک ڈبلیو۔ ڈی طارق کریم، اسسٹنٹ ڈائریکٹر منظور حسین اور دیگر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)



ممبر الیکشن کمیشن آف پاکستان، پنجاب بابر حسن بھروانہ کالیہ میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر لیہ کے نئے تعمیر شدہ دفتر کے افتتاح کے بعد گروپ فوٹو

مردان میں زہریلا کھانا کھانے سے 7 افراد کی حالت غیر ہوگئی

متاثرہ افراد میں 3 مرد، 3 خواتین اور ایک بچہ شامل ہیں، ہسپتال داخل کرا دیا گیا

مردان (این این آئی) خیبر پختونخوا کے علاقے مردان کی تحصیل رستم میں زہریلا کھانا کھانے سے 7 افراد کی حالت غیر ہوگئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق زہریلا کھانا کھانے سے متاثر ہونے والوں میں 3 مرد، 3 خواتین اور ایک بچہ شامل ہیں، متاثرہ افراد کو مردان میڈیکل کمپلیکس منتقل کردیا گیا ہے جہاں ضلع افراد کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق گندم کی زہریلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

ملک کے مختلف علاقوں میں آج اور کل شدید بارش، ژالہ باری کا امکان

آئندہ 48 گھنٹے میں خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں بارش و برفباری کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے مختلف علاقوں میں آج اور کل شدید بارش اور بعض مقامات میں ژالہ باری کا امکان ہے۔ اسلام آباد، راولپنڈی سمیت پنجاب کے کئی علاقوں میں شدید موسمی صورت حال کی وارننگ جاری کردی گئی ہے۔ ائک، چکوال، گجرات، جہلم میں آندھی طوفان اور ژالہ باری ہوسکتی ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق فیصل آباد، حافظ آباد، جھنگ، خوشاب اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

جڑانوالہ میں عیدگاہوں کی بھرمار، محکمہ صحت کی خاموشی کے باعث عوامی مشکلات بڑھنے کا خدشہ

جڑانوالہ (این این آئی) جڑانوالہ کے شہری اور نواحی علاقوں میں غیر مجاز عیدگاہوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے عوامی صحت کو شدید خطرات میں مبتلا کر دیا ہے۔ جڑانوالہ میں کھلے گٹر، جعلی ادویہ، اور غیر خواندہ "ڈاکٹروں" کی جانب سے کیے جانے والے خطرناک طبی اقدامات نے درجنوں قیمتی جانیں ضائع کر دیں، مگر انسانی جانوں سے کھیلنے کی واردات میں بھی عام ہوگئی ہیں۔ محکمہ صحت کی غیر فعال رویے نے اس بحران کو اور گہرا کر دیا ہے۔ خبر کے مصرف علاقوں میں کھلے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ممبر شپ کی تجدید کی مہم 20 اپریل 2025 سے شروع کر دی

فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ممبر شپ کی تجدید کیلئے فرنٹ ڈیسک پر سٹاف کی تعداد بڑھا دی ہے جبکہ اوقات کار میں اضافہ کے ساتھ ساتھ اتوار 20 اپریل 2025ء کی چھٹی بھی منسوخ کر دی گئی۔ چیمبر کے سیکرٹریٹ کے مطابق ممبر شپ کی تجدید کی مہم 20 اپریل 2025ء تک جاری رہے گی۔ 18 اپریل بروز جمعہ فرنٹ ڈیسک حسب معمول صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک ممبران کی خدمت کیلئے کھلا رہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر، لیہ کے تعینات کردہ ریٹرننگ افسران کی تربیتی ورکشاپ

لاہور (خبر نگار) ممبر الیکشن کمیشن آف پاکستان، پنجاب جناب بابر حسن بھروانہ کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر، لیہ کے تعینات کردہ ریٹرننگ افسران کی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں ریجنل الیکشن کمشنر ڈی خان کیپٹل احمد، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر لیہ محمد طفیل، ایکسین پاک ڈبلیو۔ ڈی طارق کریم، اسسٹنٹ ڈائریکٹر منظور حسین اور دیگر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر، لیہ کے تعینات کردہ ریٹرننگ افسران کی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد



ایوانِ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو بھاری مینڈیٹ دلایا تھا، سید خورشید شاہ

جن کے پیچھے عوام کی طاقت نہیں ہوتی انہیں ڈیل دینی پڑتی ہے، ملک پر فیئر آئینی رجیم مسلط کی گئی جس کی وجہ سے ملک میں انتشار اور بدامنی کی فضاء ہے

ملک میں جس دن آئین وقانون کے مطابق فیصلے ہوئے اسی دن سارے بے گناہ قیدی رہا ہوں گے، اسٹاک ایکسچینج کے ڈائریکٹر کو کھاری مینڈیٹ دیا، ملک پر فیئر آئینی رجیم مسلط کی گئی جس کی وجہ سے ملک میں انتشار اور بدامنی کی فضاء ہے، جن کے پیچھے عوام کی طاقت نہیں ہوتی انہیں ڈیل دینا پڑتی ہے۔ جمشید اقبال چیمہ کے ہمراہ اسٹاک دہشت گردی عدالت میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سید جمشید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما سید جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ ساری دنیا جانتی ہے عوام نے بانی پی ٹی آئی عمران خان



لاہور: سینئر رہنما پی ٹی آئی سید جمشید چیمہ، جمشید اقبال چیمہ اسٹاک دہشتگردی عدالت سے واپس جا رہے ہیں

موٹروے پر دوران ڈرائیونگ فون سننے والا بس ڈرائیور گرفتار، ویڈیو بھی سامنے آگئی

لاہور (این این آئی) موٹروے ایم 2 سیال موڑ پر دوران ڈرائیونگ گفتگو میں مصروف رہنے والے بس ڈرائیور کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق بس چلاتے ہوئے خطرناک اسٹنٹ کرنے والے ڈرائیور کے خلاف ایف آئی آر درج کرلی گئی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں بس ڈرائیور ٹریفک رواں رکھ کر موٹروے پر موبائل فون پر بات کرتے ہوئے ڈرائیونگ کرنے والے ڈرائیور کو خطرناک عمل روکنے پر ٹوکنے والے مسافر بس میں موجود تھے۔ ایف آئی آر درج کرلی گئی جس کے مطابق بس ڈرائیور کا خطرناک عمل روکنے پر کیے جانے خطرناک عمل کا نوٹس لیتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

فیصل آباد، پٹرول پمپ پر آئل ٹینکر میں آگ بھڑک اٹھی، 3 گاڑیاں جل گئیں

ٹینکر پٹرول کی سپلائی کے لیے پہنچا، شارٹ سرکٹ سے گاڑی کی وائرنگ میں آگ بھڑک اٹھی

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد کے علاقے سمندپ کے قریب ایک پٹرول پمپ پر آئل ٹینکر میں آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا ہے جس کے دوران شارٹ سرکٹ سے گاڑی سے بھڑکے آئل ٹینکر میں آگ لگنے سے 2 کوسٹر سمیت 3 گاڑیاں جل گئیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق آئل ٹینکر پٹرول پمپ پر پٹرول کی سپلائی دینے آیا تھا۔ واقعے کی وجہ شارٹ سرکٹ بتائی جارہی ہے۔ یہ گرفتار دہشت گرد پہلے بھی قتل، اقدام قتل و پولیس مقابلے کے مقدمات میں گرفتار ہو چکا ہے۔ گرفتار ملزم داؤن اور ساتھی شیخ کا اہم تنظیم کے دہشت گردوں کو سہولتیں فراہم کرتے ہیں سی ٹی ڈی

کراچی کے علاقے سعید آباد میں کالعدم بی ایل اے کا دہشت گرد گرفتار

گرفتار ملزم داؤن اور ساتھی شیخ کا اہم تنظیم کے دہشت گردوں کو سہولتیں فراہم کرتے ہیں سی ٹی ڈی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سعید آباد کے اہم تنظیم بی ایل اے کے دہشت گرد کو ٹی ڈی نے گرفتار کرلیا ہے جس کے مطابق دہشت گرد کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ برآمد کیا گیا ہے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار ملزم داؤن اور ساتھی شیخ کالعدم تنظیم کے دہشت گردوں کو سہولتیں فراہم کرتے ہیں۔ یہ گرفتار دہشت گرد پہلے بھی قتل، اقدام قتل و پولیس مقابلے کے مقدمات میں گرفتار ہو چکا ہے۔ گرفتار ملزم داؤن اور ساتھی شیخ کالعدم تنظیم کے دہشت گردوں کو سہولتیں فراہم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں 17 کروڑ سے زائد کی سیگرٹوں کلو منشیات برآمد

گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) ملک بھر میں انسداد اسمگلنگ کارروائیوں میں 17 کروڑ روپے سے زائد کی سیگریٹوں کلو منشیات برآمد کرلی گئی۔ ترجمان کے مطابق تھلیٹی اداروں اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کا کریک ڈاؤن جاری ہے، اس دوران 7 مختلف کارروائیوں میں 12 ملزمان کو گرفتار کرکے 17 کروڑ روپے سے زائد مالیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)



لاہور: وائی ایل ایف کے زیر اہتمام صحافی کالونی میں واک، کنونشن کے موقع پر شرکا کا گروپ فوٹو

ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کی ولادیمیر پوتن سے ملاقات

ایرانی وزیر خارجہ نے صدر پوتن کو ایران کے سپریم لیڈر علی خامنہ ای کا پیغام بھی پہنچایا

ماسکو (این این آئی) روس کے دورے پر موجود ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے روسی صدر ولادیمیر پوتن سے ملاقات کی۔ نیو مگی خبر رساں اداروں کے مطابق ایران اور امریکہ کے درمیان بالواسطہ مذاکرات سے متعلق مشاورت اور جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

ویمن یونیورسٹی ملتان کی نئی رجسٹرار تعینات کردی گئیں

وائس چانسلر ڈاکٹر فرخندہ نے ڈاکٹر ملیکہ رانی، ایسوسی ایٹ پروفیسر آف فزکس کو 4 تین ماہ کیلئے رجسٹرار کا اضافی چارج دے دیا

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان کی نئی رجسٹرار تعینات کردی گئیں ترجمان کے مطابق پروفیسر ڈاکٹر عمیمونہ خان کی ریٹائرمنٹ کے بعد رجسٹرار کی خالی ہونے والی سیٹ پر وائس چانسلر ڈاکٹر فرخندہ نے اپنے خصوصی اختیارات استعمال کرتے ہوئے ڈاکٹر ملیکہ رانی، ایسوسی ایٹ پروفیسر آف فزکس کو 4 تین ماہ کیلئے رجسٹرار کا اضافی چارج دے دیا ان کو الگ سے کوئی مالی فائدہ نہیں دیا جائے گا۔



سرگودھا، عدالت میں پیش جعلی وکیل کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں عدالت میں پیش جعلی وکیل کو اصلی وکلاء نے پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا، تفصیلات کے مطابق سرگودھا ضلع کچہری میں عدالتوں میں جاری خود کو وکیل اور ڈاکٹر ظاہر کرتا جو گزشتہ روز خاتون سول جج کی عدالت میں جوڈیشل کمپلیکس موجود تھا کو وکلاء نے پکڑ لیا جس کے بارے میں ڈسٹرکٹ بار کونسل سرگودھا کے جنرل سیکرٹری نے مزید بتایا کہ پکڑے گئے شخص کے خلاف تھانہ کینٹ کے حوالہ پولیس کر دیا گیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

انگریزی زبان کا عالمی دن "انگلش لینگویج ڈے" 23 اپریل کو منایا جائیگا

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں انگریزی زبان کا عالمی دن "انگلش لینگویج ڈے" 23 اپریل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد دنیا بھر کی عوام کو انگریزی زبان کی تاریخ، ثقافت اور انگریزی تہذیب کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے اقوام متحدہ کی کارروائیوں میں استعمال ہونے والی 6 زبانوں میں انگلش زبان کو امتیازی درجہ حاصل ہے اور اسے فیصل آباد سمیت دنیا بھر میں رابطے کیلئے اہم ترین زبان کا درجہ حاصل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

خیبر پختونخوا میں انسانی حقوق کیلئے ورکنگ گروپ قائم، چیف سیکرٹری سربراہ مقرر

انسانی حقوق پر بروقت اقدامات کو فروغ دینا بھی ورکنگ گروپ کی ذمہ داری ہوگی اعلامیہ جاری

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے صوبائی ورکنگ گروپ برائے انسانی حقوق قائم کر دیا۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا انسانی حقوق ورکنگ گروپ کے سربراہ ہوں گے، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ سمیت دیگر سیکرٹریز ورکنگ گروپ کا حصہ ہوں گے۔ قانون، پارلیمانی امور اور انسانی حقوق کے محکمہ جات سے بھی ورکنگ گروپ کی ذمہ داری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

عوام نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو بھاری مینڈیٹ دلایا تھا، سید خورشید شاہ

جن کے پیچھے عوام کی طاقت نہیں ہوتی انہیں ڈیل دینی پڑتی ہے، ملک پر فیئر آئینی رجیم مسلط کی گئی جس کی وجہ سے ملک میں انتشار اور بدامنی کی فضاء ہے

ملک میں جس دن آئین وقانون کے مطابق فیصلے ہوئے اسی دن سارے بے گناہ قیدی رہا ہوں گے، اسٹاک ایکسچینج کے ڈائریکٹر کو کھاری مینڈیٹ دیا، ملک پر فیئر آئینی رجیم مسلط کی گئی جس کی وجہ سے ملک میں انتشار اور بدامنی کی فضاء ہے، جن کے پیچھے عوام کی طاقت نہیں ہوتی انہیں ڈیل

لاہور: سینئر رہنما پی ٹی آئی سید جمشید چیمہ، جمشید اقبال چیمہ اسٹاک دہشتگردی عدالت سے واپس جا رہے ہیں

جہاں تعمیر وترقی کا نشان نظر آئے گا وہاں نواز شریف کی مہر لگی، آصف اکھوکھر

معیشت روز بہتر ہوتی جارہی، آج عالمی ادارے پاکستان کی معاشی ترقی کا اعتراف کررہے ہیں

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما آصف اکھوکھر نے کہا ہے کہ جہاں تعمیر وترقی کا نشان نظر آئے گا وہاں نواز شریف کی مہر لگی، معیشت روز بہتر ہوتی جارہی، آج عالمی ادارے پاکستان کی معاشی ترقی کا اعتراف کررہے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پی ٹی آئی اپنی سیاست کی خاطر ملک کے دفاعی اداروں اور شہدا کی یادگاروں پر حملہ آور ہوئی، انہوں نے جب اقتدار میں پہنچایا، اپنے ہی ملک کو تباہ کیا، 9 مئی کا دن 19300 افسوسناک دن ہے جو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، ہم شہباز شریف اور ان کی ٹیم کے شانہ بشانہ ہیں۔ تفصیلات کے مطابق رواں سیزن کے لیے دھان موٹا چاول کے سی پی جنرل سیڈ مارکیٹنگ سنٹر پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی کیلئے جامع پالیسیوں کی طرف جانا ہوگا، رانا تجمل مخ

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا تجمل مخ نے کہا ہے کہ خوشحال اور مستحکم پاکستان پیپلز پارٹی کا وژن ہے، ہر صوبہ کی ضرورت کا جائزہ لیتے ہوئے عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے لئے جامع پالیسیوں کی طرف جانا ہوگا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ سیاست سے بالاتر ہو کر عوامی خدمت کے منشور پر مل بیٹھ کر صوبحال میں نظریہ مقدم رکھنا ہی سیاست ہے، پیپلز پارٹی کارکنوں کی جماعت ہے، ملک کو آگے لے کر جانے کے لیے تمام سیاسی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

ثقافتی ادارے لوک ورثہ میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے عہدے پر تعیناتی نہ ہوسکی

اسلام آباد (این این آئی) ثقافتی ادارے لوک ورثہ میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے عہدے پر تعیناتی نہ ہوسکی۔ تاہم کیا گیا ہے کہ لوک ورثہ اسلام آباد میں تعینات ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی 2024 اور فروری 2025ء میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی آسامی کے لئے اشتہار آنے کے باوجود تاحال تعیناتی نہیں ہوسکی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی آسامی کافی عرصہ سے خالی ہے جبکہ چوتھی چارج کی تعیناتی جاری ہے۔ پاکستان کے سب سے بڑے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

2020 کے بعد پہلی بار ٹیل ویگس کے ذخائر میں نمایاں اضافہ ریکارڈ

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے ملک میں ٹیل ویگس کے ذخائر میں اضافے کا عمل ممکن ہوسکا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی کاوشوں کے نتیجے میں ملک میں ٹیل ویگس کے ذخائر میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ تاہم اہل مضمون میں ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے تھاری سرمایہ کاری اور ریونیو کو فروغ ملا ہے۔ عارف حبیب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

پنجاب سیڈ کارپوریشن نے دھان موٹا چاول کے بیجوں کے نرخ مقرر کردیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب سیڈ کارپوریشن نے دھان موٹا چاول کے بیجوں کے نرخ مقرر کردیئے۔ پنجاب سیڈ کارپوریشن کے مطابق دھان موٹا چاول کے 19300 تھیلے فروخت کے لیے دستیاب ہیں۔ تفصیلات کے مطابق دھان موٹا چاول کے 50 کلو کے تھیلے کی قیمت 3800 روپے اور 20 کلو کے تھیلے کی قیمت 1520 روپے ہے۔ پنجاب سیڈ کارپوریشن کے تمام مارکیٹنگ سنٹرز پر اور فارمرز ہیلپ لائن پر بھی دھان کا شہ زور قسم کے بڑے موٹا چاول کسانوں کو 3800 روپے فی 20 کلو کے حساب سے فروخت کیا جائے گا جبکہ دھان کی نئی قسم می ایس آر 6 کی قیمت 3400 روپے مقرر کی گئی ہے۔ کسانوں کو دھان کی نئی قسم GSR-6 بھرپور پیداوار کے حامل ہے اور یہ قسم دورانیے میں تیار ہو جاتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

دس گرام سونے کی قیمت پہلی بار تین لاکھ سے بڑھ گئی

عالمی سطح پر بھی سونے کے نرخوں میں اضافے کا سلسلہ جاری، 3329 ڈالر فی اونس کی سطح پر پہنچ گیا

کراچی (این این آئی) سونے کی قیمت میں پاکستان سمیت دنیا بھر میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ روز پاکستان میں پہلی بار دس گرام سونے کی قیمت تین لاکھ روپے سے بڑھ گئی، دس گرام سونا مکمل تین لاکھ 68 روپے کی سطح پر پہنچ گیا۔ ملک میں سونے کی فی تولہ نرخ نے بھی ریکارڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

مختلف حادثات میں دو افراد جاں بحق، 13 افسردہ خاک

لاشیں مردہ خانے منتقل

لاہور (این این آئی) مختلف حادثات میں دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ گجر پورہ کے رہائی ٹریفک حادثے میں 35 سالہ شخص جاں بحق ہوگیا جبکہ تیز رفتار ٹرک نے موٹر سائیکل سوار کو کچل دیا جو موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ ٹریفک حادثے میں 30 سالہ فیض جاں بحق ہوگیا، ہیلمٹ سائیکل رکھنے کے باعث (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

پیمن کی تیل بندرگاہ پر امریکی فضائی حملہ، 38 افراد جاں بحق

امریکی افواج نے مغربی یمن میں تیل کی بندرگاہ پر حملہ کیا، یہ حملہ حوثیوں کی ایندھن کی فراہمی اور مالی وسائل کو ختم کرنے کیلئے کیا گیا

اس کارروائی کا مقصد حوثیوں کو اقتصادی طور پر شانہ بنانا ہے، نہ کہ یمن کے عوام کو نقصان پہنچانا: امریکی سینٹرل کمانڈ

امریکی افواج نے مغربی یمن میں تیل کی بندرگاہ پر امریکی فضائی حملے میں 38 افراد جاں بحق ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق یمن کے حوثی باغیوں نے کہا کہ امریکی حملے میں 38 افراد جاں بحق اور 102 زخمی ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

سعودی وزیر دفاع کی ایرانی سپریم لیڈر سے ملاقات، شاہ سلمان کا پیغام پہنچایا

شہزادہ خالد بن سلمان نے ایرانی صدر پیزشکیان سے بھی ملاقات کی، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

تہران (این این آئی) سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے تہران میں ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای سے ملاقات کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی وزیر دفاع نے سعودی فرمانروا شاہ سلمان اور ان کے ہمراہ وفد کے دورے کے دوران سامنے آئی۔ انہوں نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

کمشنر کراچی نے آٹے کی قیمتوں میں کمی کا نوٹیفکشن جاری کردیا

ہول سیل میں ڈھائی نمبر آٹے کی قیمت 17 روپے کی کے بعد 66 روپے فی کلو مقرر

کراچی (این این آئی) کمشنر کراچی نے آٹے کی قیمتوں میں کمی کا نوٹیفکشن جاری کردیا، نوٹیفکشن کے تحت آٹے کی قیمتوں میں 17 روپے فی کلو تک کی کمی کی گئی ہے۔ کمشنر کراچی کے نوٹیفکشن کے مطابق آٹے کی قیمتوں میں 10 سے 17 روپے فی کلو کی کمی کی گئی ہے۔ ہول سیل میں ڈھائی نمبر آٹے کی قیمت 17 روپے کی کے بعد 66 روپے فی کلو مقرر کیا گیا ہے۔ ریٹیل میں ڈھائی نمبر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

سورج سے بجلی، سولر پینلز کی قیمتوں میں مزید کمی ہوگئی

تنخواہ دار طبقہ کیلئے بڑی خوشخبری، 15 ہزار روپے کی بچت ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) اپریل کے مہینے میں بیٹریوں، یوپی ایس اور سولر پینلز کی قیمتوں میں مزید کمی ہوگئی ہے۔ بجلی کے متبادل ذرائع کے طور پر سولر پینلز اور یو پی ایس کی خریداری میں نمایاں کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ بیٹریز کی قیمت میں بھی ہزار روپے کی کمی ہوئی ہے جبکہ یو پی ایس اور سولر بیٹریوں کی قیمت میں 15 ہزار روپے کی کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ ڈی ہی وی کے مطابق اپریل میں سولر پینلز کی قیمت میں 10 سے 15 روپے فی واٹ کمی ہوئی ہے، جو گزشتہ ماہ کی نسبت کم ہے، باہر سے ان کی کوور آمدات میں اضافے اور کھوتی پالیسیوں کا نتیجہ قرار دیے رہے ہیں۔ ملک میں متعدد صنعتی یونٹس اور دیگر اشیاء کی تیاری کے پلانٹس لگانے کی منصوبہ بندی ہو رہی ہے، جس سے مقامی صنعت کو فروغ ملے گا اور سولر پینلز کی قیمتوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

بیٹریوں، یو پی ایس اور سولر پینلز کی قیمتوں میں مزید کمی ہوگئی

تنخواہ دار طبقہ کیلئے بڑی خوشخبری، 15 ہزار روپے کی بچت ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) اپریل کے مہینے میں بیٹریوں، یو پی ایس اور سولر پینلز کی قیمتوں میں مزید کمی ہوگئی ہے۔ بجلی کے متبادل ذرائع کے طور پر سولر پینلز اور یو پی ایس کی خریداری میں نمایاں کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ بیٹریز کی قیمت میں بھی ہزار روپے کی کمی ہوئی ہے جبکہ یو پی ایس اور سولر بیٹریوں کی قیمت میں 15 ہزار روپے کی کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ ڈی ہی وی کے مطابق اپریل میں سولر پینلز کی قیمت میں 10 سے 15 روپے فی واٹ کمی ہوئی ہے، جو گزشتہ ماہ کی نسبت کم ہے، باہر سے ان کی کوور آمدات میں اضافے اور کھوتی پالیسیوں کا نتیجہ قرار دیے رہے ہیں۔ ملک میں متعدد صنعتی یونٹس اور دیگر اشیاء کی تیاری کے پلانٹس لگانے کی منصوبہ بندی ہو رہی ہے، جس سے مقامی صنعت کو فروغ ملے گا اور سولر پینلز کی قیمتوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

اس کارروائی کا مقصد حوثیوں کو اقتصادی طور پر شانہ بنانا ہے، نہ کہ یمن کے عوام کو نقصان پہنچانا: امریکی سینٹرل کمانڈ

سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ امریکی جارحیت میں راس عیسیٰ بندرگاہ پر کام کرنے والے 38 ملازمین ہلاک اور 102 زخمی ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

سورج سے بجلی، سولر پینلز کی قیمتوں میں مزید کمی ہوگئی

تنخواہ دار طبقہ کیلئے بڑی خوشخبری، 15 ہزار روپے کی بچت ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) اپریل کے مہینے میں بیٹریوں، یو پی ایس اور سولر پینلز کی قیمتوں میں مزید کمی ہوگئی ہے۔ بجلی کے متبادل ذرائع کے طور پر سولر پینلز اور یو پی ایس کی خریداری میں نمایاں کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ بیٹریز کی قیمت میں بھی ہزار روپے کی کمی ہوئی ہے جبکہ یو پی ایس اور سولر بیٹریوں کی قیمت میں 15 ہزار روپے کی کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ ڈی ہی وی کے مطابق اپریل میں سولر پینلز کی قیمت میں 10 سے 15 روپے فی واٹ کمی ہوئی ہے، جو گزشتہ ماہ کی نسبت کم ہے، باہر سے ان کی کوور آمدات میں اضافے اور کھوتی پالیسیوں کا نتیجہ قرار دیے رہے ہیں۔ ملک میں متعدد صنعتی یونٹس اور دیگر اشیاء کی تیاری کے پلانٹس لگانے کی منصوبہ بندی ہو رہی ہے، جس سے مقامی صنعت کو فروغ ملے گا اور سولر پینلز کی قیمتوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق لیڈی انکیشن ہسپتال کے میڈیسن سٹور کا دورہ کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا گورنمنٹ لیڈی ریڈنگ ہسپتال کا دورہ

مختلف وارڈز کا دورہ کر کے مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات بارے فیڈبیک لیا، ناقابل استعمال سامان کی نیلامی کی ہدایت کی

سرکاری ہسپتالوں کے مسلسل دورے کر کے حالات کا جائزہ لے رہے ہیں، مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنا چاہتے ہیں، صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے گورنمنٹ لیڈی انکیشن ہسپتال کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر نے صفائی، آگہی کی کمپنی بنانے کیلئے آؤٹ سورسنگ کا کنٹریکٹ دینے کی ہدایت کی۔ آؤٹ سور